Dr. Amir Asrar, Eye Specialist, informed the audience that poor eyesight was a potent threat to road safety. He described different eye diseases and emphasized the drivers to get their eyesight checked regularly. Dr. Maryam Malik, a W.H.O. representative, said that road accident was one of the leading causes of death. She said that use of seat belts and helmet could reduce the death rate up to 70% and 40% respectively. She said that chain of survival started at the scene of accident and pointed out that careful and professional handling of injured was very necessary.

Mr. Maroof Afzal, Chairman NHA said that most of the road accidents were because of negligence and driving under stress or fatigue. He said that NHA was maintaining 12000km roads, which bore 80% burden of traffic load. He added that NHA was making efforts to bring the roads of Pakistan at par with international standards.

Dr. Sania Nishter, President/Founder Heart-File International, stressed upon the importance of wearing seat belt and safety helmets even for pillion riders. She said that many improvements could be brought about in the country without spending a lot. Professor Shahina Masood, Principle OPF Girls College Islamabad, said that everybody should play his part and follow the traffic rules for the safety of road users.

Mr. Haroon ur Rasheed, President Islamabad High Court Bar Association admired the working of NH&MP and stressed on learning road safety matters and abiding by traffic laws. D.G South Asian Strategic Stability Institute, Dr. Maria Sultan sensitized the audience about causalities and fatalities of South Asia. She said that negligible funds were being spent on road safety improvement in Pakistan.

Mr. Arshad Bhatti, Secretary, Communications, said that it was the duty of every citizen, irrespective of status, to abide by the traffic rules and follow the road safety precautionary measures to save not only their own lives but the lives of others as well. He appreciated the command of IGP and assured full support of his Ministry. The Chief Guest, Sheikh Aftab, Minister of State for Parliamentary Affairs said that the aim of the seminar was to save the precious lives of the people. He endorsed the policy of NH&MP for implementation of road safety laws and offered full cooperation from the federal government for holding such seminars at district level.

The IGP NH&MP awarded cash prizes and gifts among the students who answered questions regarding traffic rules. The proceedings of the seminar were concluded on a vote of thanks.

# It was Surprising Indeed

By: Mubarik A. Virk
"The News, Islamabad" 12-10-2013

Some body has really put the fear of God in the hearts of these truck and trailer drivers. This discipline I observed while travelling a few days ago to Lahore on the GT (Grand Trunk) Road, and back would have had my eyes to pop out of sockets had I not been very timely nudges by my companion as to what was there to stare at on those trucks?

She must have thought as if I was ogling on those portraits of 'evidently' popular female film stars with unbelievable physical attributes!

"Hey! What happened to you? Look straight on the road you dummy and not those obscene paintings!!" she nudged.

"No! No! I was not looking at the paintings really. I was only observing that these trucks and trailers are moving in a straight line and that too in the extreme left lane, "I responded.

"So? What's so interesting there for you stare like that on the trucks? "

"I am surprised indeed. Because, I had never seen them keeping to their lane in the past."

"Oh! Okay! I never noticed this during travels. "

"You have not been traveling as frequently as I have been! Besides, it s not you but me who has always been driving. You have been sleeping or snoozing most of the time during those travels,"

I taunted. She remained quiet. Another shock of the day for me!!!

Still I was finding it hard to believe as to what I was seeing!

Throughout the almost 300km long journey I might have found, say four or may be five erratic truck drivers who seem to be violating the lane discipline.

Or at least the situation was such till I crossed Gujranwala city and manoeuvred my way through the pits and potholes that the NHA (National Highway Authority) apparently has collected from all over the roads and streets of Gujranwala, put those together all round the 'roundabout' and has given it the name of 'Chan da Qila Chowk.'

"It has to be some absolutely overwhelming happening that these truckers have decided to become so 'Shareef 'on the GT Road, " I told myself quietly, still not accepting this 'gigantic' behavioural change of truck drivers.

But real shock came on my return journey to town (Islamabad)!

Once again I found the trucks and trailers moving in a disciplined manner, keeping to their lane on the left of the GT Road.

"How could this be so? Such a phenomenal behavioural change could not be induced over such a short span of time? There is got to be some plausible reason behind this 'miracle'," I kept pondering.

And the greatest shock came, which almost made be jump out of my shoes, when I saw a truck a head trying to leave its lane and block my way. I honked as normal practice, cursing under my breath knowing that I would hardly make any difference. But the driver of the truck immediately switched off the right indicator to left and sneaked back in the left lane, giving me way to pass. Now that was too much really! It made me think even harder.

And then I noticed something, which, I believe could only be the most logical reason behind this miracle. A little more presence of Motorway Police Officials. Not sitting in their cars or vans. But practically standing by the road side too.

Well, it may sound as some what flattering (makhan laga raha hoon! ) but I must concede that one much appreciate if there is something deserving appreciation. And the whole thing seemed so to me.

It was, I can't recall really after how long, that I had smooth drive up and down the GT Road from Islamabad to Lahore and back. And if it was because of some meaningful steps taken by the National Highways and Motorway Police (NH&MP), then it would not fair not to appreciate their efforts!

What I pray for is that this 'change' should last and not burst like a bubble of short-term enthusiasm on part of the NH&MP.




Children Under 10



# Road Crossing Six Steps to Follow:

**1. Think**
- What is a safe place to cross?
- Where can I see all the traffic properly and traffic can see me?
- Make sure you are not hidden behind a parked vehicle or any other object

**2. Stop**
- At the edge of the road from where you have decided to cross
- Be visible to traffic

**3. Look**
- Look both ways, many times to see if there is any traffic coming

**4. Wait**
- For all the traffic to pass, and for the road to be clear and safe to cross

**5. Cross**
- Walk straight across the road
- Use 'Zebra' crossing, underpass or over-head bridge if available

**6. Keep looking & listening**
- Keep looking in all directions as you cross the roads, until you get to the other side

# ACTIVITIES & INITIATIVES



Video Conferencing



Inter-Zonal Speech Competition



Distribution of Souvenirs on Good Performance



Road Safety Education



Lord Nazir's visit to NH&MP Headquarter



Law Enforcement



Arrest of a Car Snatcher

# PRESS GALLERY



THE NEWS INTERNATIONAL
Monday
December 2, 2013
Muharram-ul-Harram 27, 1435 A.H.

## 24 young NH&MP officers take part in debate contest

## Work on Central Office of NH&MP inaugurated

ISLAMABAD: IG Motorway Police Zulfiqar Cheema offering 'dua' after unveiling plaque to start work on Central Police Office. — DNA

The Nation

## NHMP IG for enforcing traffic laws

## NH&MP IG orders strict enforcement of lane discipline

DAWN

## Fog info centres on the cards

## First Police Martyr Day observed

By Our Staff Reporter

ISLAMABAD: To acknowledge the sacrifices of police martyrs, the first ever national Police Shuhada Day was observed at Police Line Headquarters Islamabad on Wednesday.

Senior officers from all over the country gathered at the venue to pay their tribute to the 2,000 policemen martyred in line of duty including 583 officers.

On the occasion, it was unanimously decided to award Rs10 million to the families of martyrs in addition to the construction of housing societies for them.

Families of martyrs were also present at the event and were presented gifts and flowers by the organisers. Senior officials took notice of their problems and passed subsequent directions to the departments concerned.

THE NEWS

CORRUPTION in NH&MP will not be tolerated and if any officer from top to bottom is found guilty then he will be expelled from service. No underage and without licence driver will be allowed to travel on motorways and highways.

This was said Zulfiqar Ahmad Cheema, Inspector General NH&MP while addressing a Police Darbar at Lahore Zonal Office. DIG Dr Muhammed Shafiq and SSP Mirza Faran Baig were also present.

IG Zulfiqar Ahmad Cheema said honest, efficient and hard-working officers would be given respect and corrupt officer would be taken to task. He said officers to perform their duty without fear and ensure the implementation of law. He directed patrolling officers to ensure firm enforcement of law on motorways and national highways. The Inspector General also ordered equal application of law irrespective of one's status. He said lane discipline on national highways be ensured by keeping the heavy and slow moving vehicles in discipline. He further said patrolling standards on highways and motorways would be improved as per international standards and no underage and without licence driver would be allowed to travel on motorways and at highways.

IG Zulfiqar Ahmad Cheema said that it was the duty of every official of the NH&MP to protect and fight for its dignity and nobility. He further said providing help and guidance to the commuters besides their counseling was the hallmark of the Motorway Police and it should be continued in all circumstances. He asked the officers of the NH&MP to show patience and work hard, as more vehicles would break down on road in the current hot season. He laid stress on quick and timely response to the Helpline 130 Call. He said that immediate help should be extended to road users in distress, and special care be given to patients, old age persons, ladies and children. He advised them to make the NH&MP as model institution in Asia with their good behavior and courtesy.

He said it was the prime responsibility of the NH&MP to provide safe and secure travel to road users. He said he would himself visit motorways and highways to ensure implementation of law in true spirit to provide safe and secure roads to the people of Pakistan.

# پریس گیلری


DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس
روزنامہ جنگ راولپنڈی
موٹروے پولیس کمانڈوز تعینات کرنیکا فیصلہ
موٹروے پر قوانین کی خلاف ورزی روکنے کیلئے لائسنس چیکنگ سسٹم شروع کرنیکا فیصلہ
روزنامہ دنیا
DAILY KHABRAIN
خبریں
DAILY NAWA-I-WAQT
RAWALPINDI
ISLAMABAD
نوائے وقت



## موبائل فون استعمال کرنے والوں کیلئے

ہر کوئی محو خود کلامی ہے
ہاتھ بھی ہر کسی کے جکڑے ہوئے
فون ہے یا کوئی سزا ہے یہ
ایک دنیا ہے کان پکڑے ہوئے

انور مسعود




گاڑی چلاتے ہوئے موبائل فون کا استعمال، بالخصوص ایس ایم ایس اکثر حادثات کا باعث بنتا ہے۔
اس سے اجتناب کریں۔ اپنی اور دوسروں کی زندگی محفوظ بنائیں۔

ہائی وے فرینڈز

**نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس**

وزارت مواصلات



# ترکی میں روڈ سیفٹی کا تصور

ترکی کی جناح اسٹریٹ کا ایک منظر

ترکی میں ٹریفک حادثات میں سالانہ دس ہزار افراد زندگی کی بازی ہار جاتے ہیں۔ ٹریفک حادثات کی شرح اموات ایک لاکھ گاڑیوں میں 13 اموات ہیں۔ مرنے والوں میں زیادہ تعداد (55%) ڈرائیوروں اور سواریوں کی ہے۔ جبکہ ان اموات کا ایک خاصا بڑا حصہ (19%) پیدل چلنے والوں کا ہے۔ WHO کی روڈ سیفٹی پر مبنی حالیہ رپورٹ کے مطابق ملک میں تیز رفتاری، شراب نوشی، سیٹ بیلٹ اور ہیلمٹ وغیرہ سے متعلق قوانین تو موجود ہیں مگر ان کا نفاذ خاطر خواہ نہیں ہے۔ اسکے علاوہ نان موٹرائزڈ گاڑیوں کے چلنے کے لئے بھی کوئی انتظام نہیں ہے۔ ترکی دس ملکی روڈ سیفٹی کے اس پراجیکٹ میں شامل ہے، جسے پانچ ملکی بین الاقوامی کنسورشیم جس میں World Health The International Injury Research Unit at Johns Hopkins University, The Global Road Safety Partnership, Organization, The Association for Safe International Roads Travel and EMBARQ شامل ہیں، اگلے پانچ سال میں مکمل کرے گا۔ یہ بین الاقوامی اتحاد تکنیکی رہنمائی اور سرمایہ کی فراہمی، جبکہ WHO کا ذیلی دفتران پراجیکٹس کی نگرانی کرتا ہے۔

روڈ سیفٹی کے تمام پراجیکٹ کی دیکھ بھال وزارتِ صحت کی ایک کمیٹی کرتی ہے، جس میں صحت، ٹرانسپورٹ، پولیس، تعلیمی، نجی اداروں، NGOs اور ادبی اداروں کی نمائندگی ہوتی ہے۔

قوانین میں نظر ثانی کے بعد ترکی نے روڈ سیفٹی میں انتظامی بہتری لانی شروع کر دی ہے۔ حال ہی میں کیے گئے اقدامات کی بدولت سیٹ بیلٹ کے استعمال کی شرح 8 فیصد سے بڑھ کر 50 فیصد ہوگئی ہے۔ ان بہترین نتائج کو پولیس افسران، صحافیوں، صحت کی اہلکاروں اور کمرشل ڈرائیوروں کی تربیت اور قوانین سے آگاہی کی مہم اور اس کے بلاتفریق نفاذ کے ذریعے برقرار رکھا جائیگا۔

## ترکی کے اہم شہر:



استنبول



انقرہ



اِزمر



برصا



## برادر اسلامی ملک

# ترکی

ترکی پاکستان کا دوست اسلامی ملک ہے۔ یہ مغربی ایشیا اور جنوب مشرقی یورپ میں واقع ہے۔ جارجیا، آرمینیا، ایران، عراق اور شام اسکے ہمسایہ ممالک ہیں۔2011 کی مردم شماری کے مطابق ملک کی کل آبادی تقریباً 75 ملین تھی۔

تقریباً 85 فیصد آبادی کی مادری زبان ترکش ہے۔ جبکہ تقریباً 12 فیصد آبادی کی مادری زبان ''کردش'' ہے۔ملک کی 70 سے 80 فیصد آبادی ترکوں پر مبنی ہے۔مردوں کی اوسط عمر 71 سال جبکہ عورتوں کی 75 سال کے لگ بھگ ہے، جبکہ

2002 سے 2007 کے دوران 6.8 فیصد سالانہ پیداوار نے ترکی کی معیشت کو دنیا کی تیزی سے بڑھتی ہوئی معیشت میں لا کھڑا کیا۔ملک کے تعلیمی نظام کو ریاستی ادارے کی سطح پر کنٹرول کیا جاتا ہے، جسکا قیام کمال اتاترک کی اصلاحات کے ذریعے





بعد از جنگِ عظیم اوّل ترکی 1923ء میں مصطفٰے کمال اور اس کے ساتھیوں کی جانب سے شروع کی گئی جنگِ آزادی کا ثمر ہے۔کمال اتاترک اس کا پہلا صدر تھا۔

ترکی ایک جمہوری، بین المذاہبی، دستوری اکائی ہے، اس کا کلچر اسلامی اور یورپی تہذیب کا امتزاج ہے۔ ملک کی مجموعی اوسط عمر 73 سال ہے۔ملک کی لمبائی 1600 کلومیٹر اور چوڑائی 800 کلومیٹر ہے جو کہ ایک مستطیل کی شکل میں 783562 مربع کلومیٹر پر مشتمل ہے جو کہ تین اطراف سے سمندر میں گھری ہوئی ہے۔رقبہ کے لحاظ سے ترکی دنیا کا آٹھواں بڑا ملک ہے۔

1923 میں کیا گیا۔2011 کے سروے کے مطابق ترکی کی شرح خواندگی 94.1 فیصد تھی۔




محکمے میں بھی جاتے ہیں اس میں بہتری آ جاتی ہے۔ معروف قانون دان ایس ایم ظفر نے سیمینار کے شرکاء سے کہا کہ، این ایچ اینڈ ایم پی نے اپنی خوش اخلاقی اور روڈ سیفٹی کے حوالے سے کی جانے والی کوششوں سے ایک اچھا نام پیدا کیا۔ انہوں نے کہا کہ روڈ سیفٹی ایک سماجی مسئلہ ہے جس میں تمام اداروں اور افراد کو مل کر کام کرنا چاہیئے تا کہ ہم محفوظ سفر کو یقینی بنا سکیں۔ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کے وائس چانسلر ڈاکٹر خلیق الرحمٰن نے روڈ سیفٹی کی اہمیت کے حوالے سے یونیورسٹیز کے کردار کے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم عنقریب ٹرانسپورٹ سائیکالوجی کے کورسز شروع کروائیں گے۔

ریسکیو 1122 کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر رضوان نصیر نے کہا کہ ہم ہر روز حادثات کو ڈیل کرتے ہیں اور سب سے زیادہ لوگ ٹریفک حادثات میں ہی مرتے ہیں۔ انہوں نے خواہش ظاہر کی کہ کوئی دن ایسا بھی آئے کہ جس دن ہمیں پتا چلے کہ آج کوئی ٹریفک حادثہ نہیں ہوا۔ اس مقصد کے حصول کے لئے ہم سب کو اپنی سوچ بدلنا ہوگی۔ سی سی پی او لاہور رائے طاہر نے کہا کہ روڈ سیفٹی میں ہم جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے بہتری لا سکتے ہیں۔ ڈائریکٹر آٹو موٹر ڈیزائن اینڈ سیفٹی ڈاکٹر عمر نے گاڑیوں میں موجود سیفٹی کے آلات اور ان کے استعمال کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ پروفیسر ڈاکٹر زہرہ بتول نے بھی روڈ سیفٹی کے حوالے سے بات کی۔ سیمینار میں ایس ایس پی اطہر وحید نے کہا کہ، این ایچ اینڈ ایم پی ٹریننگ کالج 20 ہزار پرائیویٹ ڈرائیوروں کی تربیت کر چکا ہے اور اب ہم HTV ڈرائیورز کی تربیت شروع کر رہے ہیں۔ سیمینار کے آخر میں ڈی آئی جی مرزا شکیل احمد نے تمام شرکاء اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

سکھر میں منعقدہ روڈ سیفٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی، این ایچ اینڈ ایم پی ذوالفقار احمد چیمہ نے کہا کہ دہشتگردی سے زیادہ ہلاکتیں حادثات میں ہوتی ہیں جب کہ قوانین کی خلاف ورزی ، شاہراؤں کی خستہ حالی، ڈرائیوروں کی لاپرواہی اور احتیاط نہ کرنے پر لوگ موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہمیں ٹریفک قواعد پر عمل کرنے کا عہد کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کی ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کی ذمہ داری جلد، این ایچ اینڈ ایم پی کو دینے کے سلسلے میں، این ایچ اینڈ ایم پی اور نادرا کے مابین ایم او یو پر دستخط ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے ہر ادارے کو گڈ گورنینس کے ذریعے ٹھیک کیا جا سکتا ہے جب کہ معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور قانونی ذمے داریوں کا احساس اجاگر کرنے کے لئے ہر شخص کو اپنی انفرادی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی اور عہد کرنا ہوگا کہ آج کے بعد ہم ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی نہیں کریں گے اور احتیاطی تدابیر اختیار کر کے تمام قواعد وضوابط پر سختی سے عمل کریں گے۔ کمشنر سکھر ڈویژن ڈاکٹر نیاز عباسی نے کہا کہ، این ایچ اینڈ ایم پی کی کامیابی بلا امتیاز جزا اور سزا کی وجہ سے ممکن ہوئی ہے۔ باقی ادارے بھی جزا اور سزا پر عمل کر کے اپنی کارکردگی بہتر بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حقوق کی بات سب کرتے ہیں لیکن احساس ذمہ داری اور قانون پر عمل درآمد کا احساس فراموش کر جاتے ہیں۔ جب ہم سڑک پر نکلتے ہیں تو ہم پر لازم ہوتا ہے کہ ٹریفک قوانین کی سختی سے پابندی کریں۔ ڈی آئی جی سکھر، شرجیل کھرل نے کہا کہ این ایچ اینڈ ایم پی کی وجہ سے سڑکوں پر لوٹ مار کی وارداتیں اور دیگر جرائم کم ہوئے ہیں۔ جنرل مینجر نیشنل ہائی ویز اتھارٹی مکیش کمار نے کہا کہ ہم سب کو چاہیئے کہ مقررہ رفتار اور سیٹ بیلٹ لگانے کی پابندی کریں اور دورانِ ڈرائیونگ موبائل فون کے استعمال سے گریز کریں۔ تقریب سے ڈاکٹر یونس خٹک، اشفاق بھٹو اور پاک ترک اسکول کے پرنسپل یعقوب مراد نے بھی خطاب کیا۔

# دہشتگردی سے زیادہ ہلاکتیں ٹریفک حادثات میں ہوتی ہیں

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کے زیر اہتمام لاہور اور سکھر میں روڈ سیفٹی سیمینار



پاکستان میں ٹریفک حادثات میں ہونے والی اموات تقریباً 12 ہزار سالانہ ہیں جن میں زیادہ تعداد بچوں اور نوجوانوں کی ہے۔ دنیا بھر میں قتل اور دشمنیوں میں بھی اتنے لوگ نہیں مرتے جتنے ہر سال ٹریفک حادثات کی نظر ہو جاتے ہیں۔ ذوالفقار احمد چیمہ انسپکٹر جنرل، نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس (این ایچ اینڈ ایم پی) نے ان خیالات کا اظہار لاہور اور سکھر میں منعقدہ روڈ سیفٹی سیمینارز میں کیا۔ لاہور کی تقریب میں تجزیہ نگار مجیب الرحمان شامی، معروف قانون دان ایس ایم ظفر، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کے وائس چانسلر ڈاکٹر خلیق الرحمٰن، ڈی آئی جی، این ایچ اینڈ ایم پی مرزا شکیل احمد، سی سی پی او لاہور رائے طاہر، ڈائریکٹر جنرل ریسکیو 1122 ڈاکٹر رضوان نصیر، شیل پاکستان کی نمائندہ خاتون افشاں خان،، این ایچ اینڈ ایم پی ٹریننگ کالج کے کمانڈنٹ ایس ایس پی اطہر وحید، این ایچ اینڈ ایم پی کے دیگر افسران، سول سوسائٹی اور میڈیا کے بہت سے نمائندوں کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ انسپکٹر جنرل ذوالفقار احمد چیمہ نے کہا کہ بحیثیت قوم ہم لوگ روڈ سیفٹی سے ناآشنا ہونے کی بنا پر اس کو اہمیت نہیں دیتے۔ روڈ سیفٹی سے نئی نسل کو روشناس کروانے کے لئے ضروری ہے کہ ٹریفک ایجوکیشن کو نصاب تعلیم کا حصہ بنایا جائے۔ انھوں نے کہا کہ قانون کا نفاذ، ٹریفک ایجوکیشن اور انجینئرنگ روڈ سیفٹی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ قوانین کا نافذ نہ ہونا اور ڈرائیوروں کے رویّوں سے ٹریفک حادثات ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 80% حادثات ڈرائیوروں کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ تیز رفتاری، منشیات کا استعمال، لین وائیلیشن کرنا، ٹریفک سگنل توڑنا، مقابلہ بازی میں گاڑی دوڑانا اور سب سے بڑھ کر کم عمری میں ڈرائیونگ کرنا ایسے غیر ذمہ دار رویے ہیں جو حادثات کا سبب بنتے ہیں۔ آئی جی ذوالفقار احمد چیمہ نے کہا کہ این ایچ اینڈ ایم پی نے اپنی ایمانداری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے پوری دنیا میں نام کمایا ہے۔ اس کے امتیازی اوصاف رواداری اور مشکل میں مدد فراہم کرنا ہی اس ادارہ کی پہچان ہیں۔ آئی جی نے کہا کہ قومی شاہرات پر قانون کا نفاذ بلاتفریق ہے اور اس میں کسی قسم کی رعایت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم قومی شاہراہوں پر سروس اور قانون کے نفاذ کا معیار یورپ سے بھی بہتر بنائیں گے۔ ایک سے زیادہ بار قانون توڑنے والوں کے لائسنس کینسل کر دیئے جائیں گے۔ آئی جی نے کہا کہ لوگوں کے ذہن میں قانون کا خوف ہونا چاہئیے اور یہی خوف احترام میں بدل جائے گا۔ ہم کوشش کریں گے کہ جیسے ہی لوگ قومی شاہراہوں پر آئیں وہ سیٹ بیلٹ کا استعمال کریں اور ڈرائیونگ کے دوران موبائل فون ہرگز نہ سنیں۔ ذوالفقار احمد چیمہ نے کہا معاشرہ کے تمام افراد کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا خاص طور پر ہمارے میڈیا کو اس اہم کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئیے۔ معروف کالم نگار مجیب الرحمٰن شامی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ، این ایچ اینڈ ایم پی نے ایمانداری اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کی وجہ سے وطن عزیز میں نیک نامی حاصل کی ہے۔ انہوں نے آئی جی، موٹروے پولیس کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ذوالفقار احمد چیمہ ایک مثبت تبدیلی کی علامت ہیں وہ جس

> **80 فیصد حادثات ڈرائیورز کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے ہوتے ہیں۔**
>
> ---
>
> **ٹریفک ایجوکیشن کا مضمون نصاب تعلیم میں شامل کیا جانا چاہیے۔**



# موٹر وے پولیس کی کارکردگی

موٹرویز اور ہائی ویز پر مشکل وقت میں لوگوں کی مدد کرنا نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر وے پولیس افسران کی اصل پہچان ہے لوگوں کی مدد کر کے وہ نہ صرف دعائیں حاصل کرتے ہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی بھی حاصل کرتے ہیں۔ موٹر وے پولیس اپنی ڈیوٹی عبادت سمجھ کر کرتی ہے کیونکہ ایمانداری، حسن اخلاق اور بہادری ہی موٹر وے پولیس کا طرۂ امتیاز ہے ۔ اس طرح موٹرویز اور ہائی ویز پر موٹر وے پولیس کی چوبیس گھنٹے پیٹرولنگ سے شہری اپنے آپ کو نہ صرف محفوظ تصور کرتے ہیں بلکہ کسی بھی وقت بلاخوف وخطر سفر کر سکتے ہیں ۔

موٹر وے پولیس نے موٹرویز اور ہائی ویز پر اپنے پیشہ ورانہ فرائض کے ساتھ ساتھ مختلف شہروں سے چوری شدہ/ چھینی گئی گاڑیاں برآمد کر کے مالکان کے حوالے کیں جبکہ کار چوروں کے کئی گروہ گرفتار کر کے ان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ برآمد کر کے لوکل پولیس کے حوالے کیا گیا۔ جبکہ کئی گمشدہ اور بچھڑے ہوئے بچوں کو والدین کے حوالے کیا۔ اسی طرح موٹرویز اور ہائی ویز پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی کئی وارداتوں کو ناکام بنا کر مسافروں کو لٹنے سے بچایا اور درجنوں ڈاکوؤں کو جدید اسلحہ سمیت گرفتار کیا۔ جس میں موٹرویز اور ہائی ویز پر مختلف جرائم میں خاطر خواہ کمی رونما ہوئی ہے۔

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر وے پولیس افسران SPO فیصل ملک، SPO ریاست الیاس، PO نعمان اور PO محمد رمضان نے SSP محمد طاہر خان کی سربراہی میں ایک نجی بنک کے افسر شیر دل خان کی اسلام آباد سے چوری ہونیوالی سفید رنگ کی جی ایل آئی کرولا کار نمبر WB-945، ماڈل 2012 کو موٹر وے (M-1) برہمہ انٹرچینج کے قریب ڈاکوؤں سے مقابلہ کے بعد برآمد کی، پولیس مقابلہ میں ایک غیر ملکی ڈاکو معصوم خان مارا گیا جبکہ اس کے قبضے سے جدید اسلحہ بھی برآمد کیا گیا۔ SPO سید باقر شاہ اور SPO اشرف خان نے موٹر وے (M-2) پر کارروائی کرتے ہوئے فیصل آباد سے چوری ہونیوالی کرولا کار نمبر MNT-9410، ماڈل 2002 کو روک کر کار چور انور سعید ولد محمد سعید سکنہ لاہور کو گرفتار کیا۔ SPO عاشق حسین اور PO فیض اللہ عباسی نے موٹر وے ٹول پلازہ اسلام آباد پر ایبٹ آباد سے چوری ہونیوالی ٹیوٹا ہائی ایس وین نمبر اپلائیڈ فار، ماڈل 2013 کو روک کر دو کار چوروں محمد ندیم اور محمد شفیق ساکنان فیصل آباد کو گرفتار کیا۔ تھانہ آبپارہ اسلام آباد کی حدود سے چوری کی گئی سیاہ رنگ کی ایکس ایل آئی کار نمبر WK-332، ماڈل 2011 کو موٹر وے (M-2) پر چکری کے علاقے سے PO حبیب الرحمٰن اور PO فاروق خان نے برآمد کی جبکہ موٹر وے (M-1) پر برہان کے علاقے میں موٹر وے پولیس کے افسران DSP یونس انصاری، PO الطاف نیازی اور APO فدا ٔاللہ نے پیٹرولنگ کے دوران تیز رفتار مہران کار نمبر LES-4180 کو رکنے کا اشارہ کیا تو وہ نہ رکی جس پر موٹر وے پولیس کے افسران نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مذکورہ گاڑی کو روکا اور گاڑی میں سوار ملزمان عابد اور فیض ساکنان لاہور کو گرفتار کر لیا۔ تھانہ نیو ٹاؤن، راولپنڈی کی حدود سے چوری کی گئی ہنڈا کار نمبر AFL-290 کو موٹر وے (M-1) پر لکوڑی کے علاقے سے PO ذوالفقار شاہ اور PO واصف ملک نے برآمد کی، IMDC سے گن پوائنٹ پر چھینی گئی سلور رنگ کی 2OD کرولا کار کو DSP حامد علی زیدی اور SPO ارشد علی نے (M-1) پر مذکورہ گاڑی کو روک کر 2 کار چوروں کو گرفتار کر لیا۔ تھانہ کینٹ راولپنڈی کی حدود سے چوری کی گئی سیاہ رنگ کی XLI کرولا کار نمبر RIA-3114، ماڈل 2007 کو موٹر وے (M-1) پر لکوڑی کے علاقے سے SPO محمد خان طورو اور PO رمضان نے برآمد کیا ۔ کراچی سے گن پوائنٹ پر چھینی گئی دو گاڑیوں کو SPO غلام مصطفیٰ بلوچ، SPO اسرار علی اور SPO محمد علی، PO امیر بخش اور PO حاکم علی بروہی نے برآمد کر کے دو ملزمان علی رضا اور منٹھار ساکنان فیروز پور کو اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا۔

اس کے علاوہ نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر وے کے افسران نے موٹرویز اور نیشنل ہائی ویز سے ملنے والے گمشدہ اور بچھڑے ہوئے آٹھ بچوں کو والدین کے حوالے کیا ۔ SPO الفت حسین اور PO غلام حسین کو لاہور کی رہائشی بچی دو سالہ نوراں موٹر وے پر بھیرہ کے علاقے سے ملی یہ بچی دوران سفر اپنے والدین سے بچھڑ گئی تھی ۔ اسی طرح موٹر وے پر سکھیکی کے علاقے سے PO اسلم جاوید اور PO احسن عظیم کو 10 سالہ بچہ علی عدنان روتا ہوا ملا جو کہ اپنے والدین سے دوران سفر بچھڑ گیا تھا۔ جبکہ نیشنل ہائی وے پر مختلف مقامات سے ملنے والے 06 بچوں کو بھی والدین کے حوالے کیا گیا۔

موٹر وے (M - 2) پر شیخوپورہ کے علاقے میں SSP موٹر وے (M-2) اطہر وحید کی سربراہی میں PO یحییٰ ابرار، PO طارق محمود اور کمانڈو اسکواڈ پر مشتمل ٹیم نے ایک ہائی ایس وین میں ہونیوالی ڈکیتی کی واردات کو فائرنگ کے تبادلہ کے بعد ناکام بنایا، فائرنگ کے تبادلہ میں ایک ڈاکو مارا گیا جبکہ سات ڈاکوؤں کو جدید اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا گیا، موٹر وے (M-3) پر بیراں والا کے علاقے میں SPO شاہ زمان اور PO منصور نے ڈاکوؤں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلہ کے بعد ایک مزدہ میں ہونیوالی ڈکیتی کو ناکام بنایا جس میں لاکھوں روپے مالیت کا سامان تھا ان کارروائیوں میں حصہ لینے والے افسران کو انسپکٹر جنرل نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر وے پولیس ذوالفقار احمد چیمہ نے شاباش دی اور ان کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے نقد انعامات اور تعریفی اسناد سے بھی نوازا۔

اقبال فرماتے ہیں کہ:

اک زندہ حقیقت مرے سینے میں ہے مشہود
کیا سمجھے گا وہ جس کی رگوں میں ہو لہو سرد
نَے پردہ ، نہ تعلیم ، نئی ہو کہ پرانی!
نسوانیتِ زن کا نگہباں ہے فقط مرد
جس قوم نے اس زندہ حقیقت کو نہ مانا
اس قوم کا خورشید بہت جلد ہوا زرد

گویا اقبال زن و مرد کے اس جھگڑے کا حل اسلامی تعلیمات میں ڈھونڈتے ہیں۔کلامِ الٰہی نے یہ زریں اصول بنایا ہے (مرد عورتوں پر ایک غالب اور بالا رہنے والی طاقت ہے)۔یہ اصول صرف مسلمانوں ہی کے نہیں بلکہ تمام اقوامِ عالم کے لئے دائمی اور ابدی طور پر مفید اور کار آمد ہے۔زن و مرد تعلقات میں یہی بہترین طریقہ ہے جس سے معاشرتی مساوات برقرار رہتی ہے۔لیکن آج کل حالات اس کے برعکس دکھائی دیتے ہیں۔

یورپ خود تو زن پرستی اور زن مریدی کی وباء میں مبتلا تھا ہی، اس کا منحوس سایہ جہاں پڑا ہے۔وہاں بھی یہ کیفیت ہے کہ آج بیوی اپنے خاوند کی محکوم رہنے کے لئے بالکل تیار نہیں۔بلکہ خاوند ہر جائز و ناجائز بات میں بیوی کا غلام بن گیا ہے اور معاشرتی مساوات کا تصور بھی متوازن نہیں رہا۔کیونکہ توازن کا اصول جو اسلامی طریقہ کار نے بتایا ہے وہ ہم استعمال نہیں کر رہے۔

اقبال نے اپنی دردبھری مثنوی، جو کہ شہرہ آفاق حیثیت رکھتی ہے "رموزِ بےخودی" کے نام سے لکھی۔اس مثنوی کے اختتام پر عورت کی حمایت اور عزت افزائی میں بھی اشعار موجود ہیں۔

اسی طرح مرد ایک ساز ہے جو عورت کے دردبھرے مضراب سے بیدار ہوتا ہے۔عورت کی بارگاہ وہ بارگاہ ہے جہاں مرد اپنی نیازمندی کا ہدیہ پیش کر کے ناز کبریائی کا انتہائی مقام حاصل کر لیتا ہے۔عورت وہ مقدس اور برگزیدہ ہستی ہے جو اپنی پاکیزہ محبت سے عشقِ خداوندی کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ہمارے نبی کریم حضرت محمدؐ نے عورت کو ماں کے اعلیٰ درجے پر فائز بتایا ہے۔

## "جنت ماؤں کے قدموں تلے ہے"

گویا جنت جو کہ ایک مومن کا ارمان اور آرزو ہوتی ہے۔وہ ماں کے قدموں تلے ہے۔اقبال نے عورت کے تمام مقامات سے امومت کا مقام پسند فرمایا ہے۔ان کے نزدیک عورت کا سب سے بڑا فرض، فرضِ امومت ہے۔اگر عورت کی اعلیٰ تعلیم کا یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ امومت کے فرائض سے کترائے اور انفرادی عیش میں مشغول ہو جائے تو نسلِ انسانی کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی خطرہ نہیں ہو سکتا۔اقبال ایک جگہ یورپ سے یوں خطاب کرتے ہیں۔

کوئی پوچھے حکیم یورپ سے
ہند و یوناں ہیں جس کے حلقہ بگوش
کیا یہی ہے معاشرے کا کمال
مرد بے کار زن تہی آغوش

مغرب زدہ انتہا پسند عورت کو ماں بننے سے نفرت ہو گئی اور آزادیِ نسواں کے جوش میں آ کر عورت خود کسبِ معاش میں مشغول ہو گئی۔اسے اس بات کی فرصت ہی نہ تھی کہ وہ اپنے مہربان ہاتھوں سے اولاد کو تربیت دے سکے۔اس سے انسانیت کا سب سے بڑا نقصان یہ ہوا کہ جذبۂ امومت ختم ہو گیا۔ماں کی مامتا کمزور ہو گئی۔اقبال کے خیال میں جس علم سے عورت اپنی بنیادی خصوصیت کو کھو دے، وہ علم نہیں بلکہ موت ہے۔اقبال کے شعری مجموعے "بانگِ درا" میں نظم "ماں کی دعا" اسی جذبے کی عکاسی کرتی ہے۔اقبال معاشرتی زندگی میں ماں کی مرکزی حیثیت اس کے ماں ہونے کو سمجھتے ہیں۔جس کا اظہار "ماں کی دعا" جیسی نظم میں انہوں نے کیا۔ان کے خیال میں خاندانی نظام میں جذبہ امومت بنیادی کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کے فیض سے نسلِ انسانی کا باغ لہلہاتا ہے۔جس طرح گھر سے باہر کی زندگی میں مردوں کو فوقیت حاصل ہے۔اسی طرح گھر کے اندر کی سرگرمیوں میں عورت، خصوصاً ماں کی اہمیت ہے۔اس لیے کہ اس کے ذمے نئی نسل کی پرورش اور دیکھ بھال ہوتی ہے۔انسان کی پہلی درسگاہ ماں کی گود ہے۔ماں جس قدر مہذب اور شائستہ ہو گی اتنی ہی اچھی اور قابلِ فخر نسل تربیت پا سکے گی۔اقبال قوموں کی تاریخ اور ان کے ماضی کو ماؤں کا فیض قرار دیتے ہیں۔مائیں ہی قوم کی تقدیر بناتی ہیں اور جو قومیں امومت کے آداب بجا نہیں لاتیں ان کا نظام ناپائیدار ہوتا ہے۔خاندانی امن و سکون درہم برہم ہو جاتا ہے۔افرادِ خاندان کا باہمی اتحاد و اعتماد ختم ہو جاتا ہے۔چھوٹے بڑے کی تمیز ختم ہو جاتی ہے۔تمام اخلاقی قدریں دم توڑ دیتی ہیں۔

اقبال کے خیال میں مغرب کا اخلاقی بحران اس لئے رونما ہوا کہ وہاں ماں کا احترام اور پاکیزگی ختم ہو گئی۔آج عورت آزادی کے لئے جدوجہد کر رہی ہے۔سوشل ہونے کی خواہشمند ہے۔مگر اقبال جلوت کی نسبت خلوت کو اس کے حق میں بہتر سمجھتے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ:

آغوشِ صدف جس کے نصیبوں میں نہیں ہے
وہ قطرۂ نیساں کبھی بنتا نہیں گوہر

## یہ تھے ہمارے رہنما

نوابزادہ لیاقت علی خاں متحدہ ہندوستان کی کانگرس لیگ کابینہ میں وزیر مالیات ہوئے تو علیگڑھ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر ضیاء الدین احمد نے انکے اعزاز میں ایک ظہرانہ دیا اور دیگر مسلم لیگی ارکان اسمبلی کو بھی مدعو کیا۔نوابزادہ لیاقت علی خان نے ان ارکان کو اپنے ریلوے سیلون میں شریک سفر ہونے کی دعوت دی، لیکن ساتھ ہی کہا "یہ نہ سمجھیں کہ بغیر ٹکٹ کے مفت میں سفر ہوگا۔آپ کی جیب میں فرسٹ کلاس کا ٹکٹ موجود ہونا چاہئے "۔سردار نشتر ممبر ریلوے بھی شریک سفر تھے۔سیلون میں خاصا ہجوم ہو گیا تھا، دوران سفران ممتاز رہنمایانِ مسلم لیگ سے ملنے کیلئے ہر جنکشن پر ریلوے کے ٹکٹ ایگزامینر اور دیگر افسران ڈبے میں داخل ہو جاتے۔ایک سٹیشن پر اچانک نوابزادہ نے ٹکٹ ایگزامینر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا "ملاقات کا وقت ختم ہو گیا۔آپ ڈیوٹی پر ہیں۔اپنے ممبر ریلوے کو سب کے ٹکٹ چیک کر کے اپنی کارگزاری دکھلایئے"۔ٹکٹ ایگزامینر نے بادل نخواستہ ٹکٹ چیک کئے تو تمام مسافروں نے خوشدلی سے ٹکٹ پیش کر دیئے۔نوابزادہ نے یوں اپنی اصول پسندی کا ہی ثبوت نہیں دیا بلکہ اس سے ملازمین اور دیگر لوگوں کو بتا دیا کہ مسلم لیگی ارکان و وزراء بغیر ٹکٹ سفر نہیں کرتے۔

اسی طرح لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے منصوبہ تقسیم ہند کے بارے میں فیصلہ کیلئے امپیریل ہوٹل دہلی میں مسلم لیگ کونسل کے ہونے والے اجلاس پر بیلچہ بردار خاکساروں کے حملہ سے ہوٹل کی کرسیوں میزوں اور برتنوں وغیرہ کا جو نقصان ہوا ہوٹل کے مطالبہ سے قبل لیاقت علی خان نے ازخود سید شمس الحسن سے کہا کہ ان نقصانات کے عوض ہوٹل کو چار ہزار روپے ادا کر دیئے جائیں۔

بصد شکریہ "ماہنامہ نظریہ"



# اقبال کی نظر میں عورت کا مقام

عنبرین خالد

عورت کی تخلیق نظامِ کائنات کی تخلیق ہے۔ روزِ اول سے زندگی نے مسرت اور اطمینان کے جتنے بھی شعبے قرار دیئے، ان تمام شعبوں کا مرکز عورت کے سوا اور کوئی نہیں تھا۔ ویران جزیروں اور خشک جنگلات میں عورت کے فقط ایک بار مسکرا دینے سے ہر طرف پھول مہکتے ہوئے دکھائی دینے لگے۔ آدمؑ جلاوطن ہوئے اور جنت کی فضاؤں سے جدا ہونے کے بعد روئے زمین کے لق ودق اور خاموش بیابانوں کو دیکھا تو ان کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ دل نے اذیت محسوس کی اور ہونٹ ایک نہ دب سکنے والی خواہش کے مطالبہ میں بے اختیار حرکت کرنے لگے۔ بارگاہ ایزدی میں اس دعا کو شرفِ قبولیت بخشا گیا اور حسن وتسکین، نزہت ولطافت کے سب سے پہلے انسانی پیکر یعنی حواؑ نے ظہور پایا۔۔۔ یہ دیکھ کر سنگ ریزے جواہرات بن گئے۔ پرندے اس کی خوشی میں چہچہائے، اداس ٹہنیاں اور مرجھائے ہوئے پتے وفورِ نشاط سے لہلہا اٹھے۔ ہر طرف نغموں اور زمزموں کا ایک بے پناہ طوفان برپا ہوا۔ روح کائنات نے ایک طویل انگڑائی لی اور دنیا کا کونہ کونہ، وجودِ زن کا انعکاس پا کر رشکِ فردوس بن گیا۔

وجودِ زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ
اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوزِ دروں
شرف میں بڑھ کے ثریا سے مشتِ خاک اس کی
کہ ہر شرف ہے اسی دُرج کا دُرِ مکنوں
مکالماتِ فلاطوں نہ لکھ سکی لیکن
اسی کے شعلے سے ٹوٹا شرارِ افلاطوں

کلامِ اقبال میں ہر جگہ صنفِ نازک کے متعلق عزت واحترام کے ایسے ہی پاکیزہ جذبات دیکھنے میں آتے ہیں۔ اقبال نے صنفِ نازک کے بارے میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے۔ اس کی بنیاد قرآن وحدیث ہے اور اسلام نے عورت کو ایک خاص مقام دیا ہے۔ اقبال کے دور میں مغربی تہذیب کے اثر سے برصغیر کی عورتوں میں بھی "آزادیٔ نسواں" کی تحریک شروع ہوئی اور عورتوں نے آزادی حاصل کرنے کے لئے واویلہ شروع کر دیا۔ اقبال اس آزادی کے دعویٰ پر تنقید کرتے ہیں ان کے نزدیک عورت اجتماعی خودی کی ضمانت ہے جس کی زندگی کا مقصد نسلِ انسانی کو برقرار رکھنا ہے اور یہ اتنا عظیم الشان مقصد ہے کہ اس کے سامنے دوسرے مقاصد کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ اقبال کے نزدیک عورت کو بھی وہی حقوق حاصل ہیں جو مرد کو ہیں۔ مگر دونوں کا دائرہ عمل الگ الگ ہے۔ دونوں اپنی اپنی استطاعت کے مطابق ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کر کے اپنے اپنے حلقہ عمل میں کام کرتے ہیں۔ مرد اور عورت کی مساوات کے بارے میں اقبال نے اپنے ایک لیکچر میں یوں اظہار خیال کیا۔

"میں مرد اور عورت کی مساوات مطلق کا حامی نہیں ہوں۔ قدرت نے ان دونوں کو جدا جدا خدمتیں تفویض کیں اور ان فرائض جداگانہ کی صحیح اور باقاعدہ انجام دہی خانوادۂ انسانی کی صحت اور فلاح کے لئے لازمی ہے"۔

اقبال کے یہ اشعار اقبال کے خیالات کی مکمل تفسیر بیان کرتے ہیں:

ہزار بار حکیموں نے اس کو سلجھایا
مگر یہ مسئلہ زن رہا وہیں کا وہیں
قصور زن کا نہیں ہے کچھ اس خرابی میں
گواہ اس کی شرافت پہ ہیں مہ و پرویں
فساد کا ہے فرنگی معاشرت میں ظہور
کہ مرد ، سادہ ہے بے چارہ زن شناس نہیں

اقبال نے قیامِ یورپ کے زمانے میں مغربی افکار کا بغور مطالعہ کیا اور مغرب کے کھوکھلے پن کا سبب ان کی بے جا آزادی میں پایا۔ جس میں اپنی روایات اور مشرقی ومعاشرتی اقدار کا کوئی پاس لحاظ نہ تھا۔ اقبال کو معلوم تھا کہ یہ قوم اپنے خنجر سے خودکشی کرے گی۔ ان حالات میں وہ مشرق کو بھی اس آگ کی لپیٹ میں آتا دیکھتے ہیں۔ "آزادیٔ نسواں" کی تحریک بھی مغربی تہذیب کے اثرات کا نتیجہ تھی۔ جس کا مقصد یہ تھا کہ عورت کو ہر معاملے میں مرد کے شانہ بشانہ لا کھڑا کیا جائے۔ وہ سیاست اور معیشت کی آلودگیوں میں پھنس گئی تو وہ اپنے نسوانی جوہر سے محروم ہو جائے گی۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ عورت کا نصب العین یہ نہیں ہونا چاہیے کہ وہ افلاطون جیسے مقالات لکھے اور اپنے علم وفضل کا سکہ بٹھائے۔ بلکہ یہ کہ وہ ایک ایسے شخص کی ماں بنے جو افلاطون کے سے مقالات لکھے۔ عورت کا سب سے بڑا فرض امومت کے فرائض سرانجام دینا ہے۔

پوری نہ ہوسکی۔ فاروق اعظمؓ نے کہا رسول اللہؐ نے آپ کو سیف اللہ کا لقب عطا کر دیا تھا۔ اللہ کی تلوار کو کون توڑ سکتا تھا؟

مالک کائنات کو شہیدوں سے بہت محبت ہے اللہ نے اپنے اس محبوب گروہ کے لئے خاص اعزاز لکھ دیئے ہیں۔ باقی تمام انسانوں سے علیحدہ انہیں قدرت نے خود اپنے بنائے ہوئے قوانین سے بھی بالا قرار دے دیا ہے۔

زندگی اور موت کے مالک کا اٹل فیصلہ ہے۔ "کل نفسٌ ذائقۃ الموت"۔ سب انسان موت سے ہمکنار ہوں گے مگر شہید نہیں۔ شہیدوں پر یہ فیصلہ لاگو نہیں ہوگا۔ وہ زندہ ہیں اور زندہ رہیں گے۔ روز حساب تمام انسانوں کے ایک ایک فعل کا حساب اتنا کڑا ہوگا کہ پیغمبر بھی تمام عمر گڑگڑا کر مغفرت کی دعائیں مانگتے رہے۔ مگر ایک گروہ کو اس کڑے حساب اور احتساب سے بھی مستثنیٰ قرار دے دیا گیا۔ یہ استثنیٰ ساری عمر عبادت اور ریاضت کرنیوالوں کو نہیں، جان دینے والے شہیدوں کو عطا کی گئی۔

بزرگ کہتے ہیں شہیدوں کا لہو اتنا مقدس اور قیمتی ہے کہ اسے مٹی میں گرنے سے پہلے فرشتے اٹھا لیتے ہیں کہ اسی لہو سے نخل انقلاب کی آبیاری ہوتی ہے۔ شہیدوں کا خون رگوں میں اتر کر مردہ معاشرے کو زندگی سے ہمکنار کرتا ہے اور یہی لہو قوموں کو حیات بخشتا ہے۔

مرنے والوں کی جبیں روشن ہے اس ظلمات میں
جس طرح تارے چمکتے ہیں اندھیری رات میں

اپنی بات پوری کریں تو پولیس کے دامن میں سب سے قیمتی متاع شہیدوں کی قربانیاں ہی تو ہیں۔ فیاض شہید، ہلال شہید اور ان کے سینکڑوں شہید ساتھیوں پر لاکھوں سلام کہ ان جری پاسبانوں کی قربانیوں کے طفیل ہی پولیس افسران فخر سے سر اٹھا کر چلنے کے قابل ہوئے۔ ان شہیدوں کے خون نے پولیس کے دامن پر لگے ہوئے داغ دھو ڈالے ورنہ اس محکمے کے کرپٹ اور حرام خور افسروں نے اس کا دامن داغدار کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی تھی۔

فیاض شہید کے جنازے میں کسی پولیس افسر نے پوچھا جوان بیٹے (جو ایک بڑا افسر بھی ہو اور خاندان کیلئے قابل فخر بھی ہو) کا لاشہ دیکھ کر ضعیف والدہ کا کیا حال ہوگا؟ کہیں قریب سے آواز آئی جب شہید کیلئے کائنات کے تمام قانون اور ضابطے بدل جاتے ہیں وہ تمام انسانوں سے الگ ہوتے ہیں تو شہیدوں کی ماؤں کو بھی خالق کسی خاص سانچے سے بناتا ہے۔ بلاشبہ خالق کائنات شہیدوں کی مائیں رونے کیلئے نہیں حوصلے بڑھانے کیلئے پیدا کرتا



## خالقِ کائنات شہیدوں کی ماؤں کو رونے کیلئے نہیں، حوصلے بڑھانے کے لئے پیدا کرتا ہے

ہے۔ میں نے تائید کرتے ہوئے کہا "میں نے جوان بیٹوں کی لاشوں پر کھڑے ہو کر شہیدوں کی ماؤں کو بین کرتے نہیں دیکھا بلکہ پرجوش انداز میں یہ کہتے سنا ہے کہ "اللہ اور ملک کیلئے اپنے دوسرے جوان بیٹوں کو بھی قربان کر دوں گی"۔ خوشیوں اور غموں کے خالق سے دعا ہے کہ وہ شہیدوں کی ماؤں اور بیواؤں پر اپنی خاص رحمتیں نازل فرمائے اور زندگی کا سفر ان کیلئے پرسکون بنا دے۔ جنازے پر تمام پولیس افسر دکھی تھے مگر ان کے حوصلے بلند تھے یہی کفیت پشاور، کوئٹہ اور لاہور میں شہیدوں کے جنازے اٹھاتے وقت نظر آئی ادھر میتیں اٹھائی گئیں اور دوسرے ساتھیوں نے ان کی جگہ فرائض سنبھال لئے۔ فیاض سنبل شہید اور ہلال خان شہید کے معصوم بچوں کو جو اعزاز ملا ہے اس پر وہ ہمیشہ فخر کریں گے کہ اب وہ شہید کے بیٹے اور شہید کی بیٹیاں کہلائیں گی۔ صرف پولیس نہیں پوری قوم ان کی ممنون احسان رہے گی۔ وہ جدھر سے گزریں گے اس دھرتی کا ذرہ ذرہ انہیں سلام پیش کرے گا کہ وہ اس ملک کے بہادر سپوتوں کی اولاد ہیں جنہوں نے اس کے شہریوں کا تحفظ کرتے ہوئے وہ قربانی دی جس سے بڑھ کر کسی قربانی کا تصور نہیں۔

کیا مالک کائنات اپنے ان پیاروں کا خون رزق خاک ہونے دے گا اور کوئی قدر نہ کرے گا؟ کیا ہزاروں شہیدوں کا خون ضائع جائے گا؟ نہیں ایسا نہیں ہوگا!! یہ خون ضرور رنگ لائے گا۔ تحفظ کی فصل ضرور لہلہائے گی۔ امن کے اجڑے گلستان میں ضرور بہار آئے گی۔ قوم کے محافظ فتح یاب ہونگے اور اس ملک پر سلامتی اور استحکام کا نزول ہو کر رہے گا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام ادارے یکسو ہو کر اپنے محافظوں کے ساتھ کھڑے ہوں۔ حکومت بھی، فوج بھی، عدلیہ بھی، میڈیا بھی اور پوری قوم بھی۔ اور ایسا ہو کر رہے گا بلاشبہ جنگ تباہی اور بربادی ہے مگر جب سر پر آپڑے تو !!۔ جب فساد برپا کرنے والے ریاست کے تاروپود تباہ کرنے پر تل جائیں تو پھر جنگ سے پہلو تہی اٹھارہ کروڑ آبادی کے اٹیمی ملک کو زیبا نہیں۔ جنگ سے کترانے اور منہ موڑنے سے امن نصیب نہیں ہوسکتا۔ جنگ سراپا شر ہوتی تو اللہ کے سچے نبیؐ اور رحمۃ للعالمینؐ نے جنگوں میں حصہ نہ لیا ہوتا۔ جنگ کبھی ناگزیر بھی ہو جاتی ہے اور قوموں کی زندگی میں کبھی ایسا وقت بھی آتا ہے جب پائیدار امن صرف جنگ کی کوکھ سے ہی جنم لیتا ہے۔



# اے راہِ حق کے شہیدو!
# تمہیں وطن کی ہوائیں سلام کہتی ہیں

تحریر: ذوالفقار احمد چیمہ

فیاض سنبل لگتا ہے سب سے الگ تھا۔ خوش مزاج، خوش اطوار اور خوش گفتار لیکن اس کے مرتبے اس قدر بلند ہونگے کہ وہ کائنات کے خالق و مالک کے پسندیدہ گروپ میں شامل ہو جائیگا اس کا بالکل اندازہ نہیں تھا۔ مقدس اور برحق کتابیں بتاتی ہیں کہ دوسروں کی جانیں بچانے والا اپنی جان نچھاور کر دے تو شہادت کے اعلیٰ مرتبے پر فائز ہوتا ہے۔

اللہ کے سچے نبیؐ نے فرمایا ہے " محافظ کی آنکھ پر دوزخ کی آگ حرام ہے" فیاض سنبل شہید ڈی آئی جی کوئٹہ ہونے کے ناطے پورے کوئٹہ کا محافظ تھا۔ محنتی، فرض شناس، ایماندار اور بہادر۔ ایسا افسر جس پر محکمے ناز کرتے ہیں۔ ایسا انسان جو پورے شہر کی حفاظت کرتا رہا۔ ایک نڈر کمانڈر کی حیثیت سے اس نے فورس کو متحرک کر دیا تھا۔ اور شہریوں میں اعتماد اور یقین پیدا ہو رہا تھا۔ اس نے بلا شبہ اللہ کے دین کو مسخ کرنے والوں اور وطن کے دشمنوں سے لڑتے ہوئے جان دے دی۔ نہ یہ جنگ نئی ہے اور نہ یہ جذبے اور جنون نئے ہیں۔ جہالت اور درندگی کے سوداگر بے گناہ خواتین، مردوں اور معصوم بچوں کے چیتھڑے اڑانے پر تلے ہوئے ہیں اور پولیس کے افسر اور جوان اپنے شہریوں کے لئے ڈھال بن گئے ہیں۔

فیاض اس وقت چلا گیا جب ہلال خان کا زخم ابھی تازہ تھا۔ ایس پی ہلال خان ایک نڈر اور جری افسر تھا۔ کچھ ہی عرصہ پہلے اسے ضلع چلاس کا ڈی پی او تعینات کیا گیا تھا۔ عید سے چندروز پہلے وہ شہادت کے مرتبے پر فائز ہوا۔ اگست 2010 میں گوجرانوالہ کی تحصیل نوشہرہ ورکاں میں ضمنی انتخاب آن پڑا۔ پولیس کے ڈویژنل سربراہ نے میٹنگ میں ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ " "اطلاعات ملی ہیں کہ دونوں طرف سے سینکڑوں مسلح افراد فساد اور غارتگری کے لئے تیار کئے گئے ہیں لہٰذا اسلحہ لے کر چلنے پر مکمل پابندی ہوگی۔ کسی قسم کا ہتھیار نہ کسی کے ہاتھ میں ہوگا نہ گاڑی میں نہ ڈگی میں"۔ ٹاسک چونکہ مشکل تھا اس لئے ڈی ایس پی کو ہٹا کر یہ ذمہ داری اے ایس پی ہلال خان کو سونپی گئی۔ ہلال خان نے صرف ایک بات پوچھی "سر کوئی Exception تو نہیں ہے؟" بالکل نہیں " جواب کافی تھا۔ پھر ہلال خان اور اس کی ٹیم نے قانون اس طرح نافذ کر کے دکھایا کہ پوری انتخابی مہم میں کوئی چڑیا پر نہ مار سکی۔ کہیں کوئی چاقو بھی نظر نہ آیا۔ ہلال خان کی خبر سنی تو دل بہت دکھی ہوا۔ ایسے بہادر افسر محکموں کی شان ہوتے ہیں انہیں کبھی بھلایا نہیں جا سکتا۔

عید سے ایک روز پہلے ٹی وی سکرین پر فیاض کا نام چلا تو میں چوکنا ہو گیا پوری خبر پڑھی تو دل ڈوب گیا۔ کچھ دیر بعد اس کیفیت سے نکلا تو جوان سال افسر پر رشک آنے لگا اتنی چھوٹی عمر اور اتنا عظیم رتبہ۔ فیاض پولیس اکیڈمی میں میرا شاگرد بھی رہا تھا۔ میں اس کی شادی میں بھی شامل ہوا مختصر عرصے کے لئے اس نے میرے ساتھ Serve بھی کیا تھا۔ انتہائی مہذب Well mannered ہر وقت ہنستا مسکراتا ہوا چہرہ۔ میں کیا، فیاض کو تو کوئی بھی نہیں بھلا سکتا۔ محکمہ کیسے بھلا سکے گا۔

چند روز پہلے اس کی بیگم اور دو ننھے اور معصوم بچے لاہور سے بابا کے ساتھ عید کی خوشیوں میں شریک ہونے کے لئے کوئٹہ آئے مگر اسے شاید جلدی تھی کہ ایک ہی جست میں ساری بلندیاں طے کر لیں اور شہیدوں کے اس قافلے میں شامل ہو گیا جسمیں شمولیت کی خواہش لئے بڑے بڑے ولی اور قطب دنیا سے چلے گئے۔

فاروق اعظمؓ حمص کے پاس سے گزرتے ہوئے خالدؓ بن ولید سے ملنے گئے جہاں وہ زندگی کے آخری ایام گزار رہے تھے۔ زمانوں کا عظیم سربراہ جرنیل اسلامی سلطنت کے عظیم سربراہ سے گلے مل کر رو پڑا۔ فاروق اعظمؓ نے پوچھا خالد آپ اور آنسو! کہا جسم کے ایک ایک حصے پر زخم ہے مگر دکھ ہے کہ شہادت کی آرزو

> اللہ کے سچے نبیؐ نے فرمایا
> "محافظ کی آنکھ پر دوزخ کی آگ حرام ہے"



# نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر وے پولیس کی عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے موقع پر تین روزہ خصوصی پیٹرولنگ

عید کے موقع پر چونکہ شاہرات پر تمام دنوں سے زیادہ رش ہوجاتا ہے اس لئے جرائم پیشہ عناصر بھی اپنی مذموم کارروائیوں کے لئے زیادہ متحرک ہوجاتے ہیں۔اس لئے اس موقع پر قومی شاہرات اور موٹرویز پر سفر کرنے والے لوگوں کے جان و مال کے تحفظ اور سفر کو محفوظ بنانے کے لئے ، این ایچ اینڈ ایم پی نے خصوصی پیٹرولنگ مہم چلائی۔اس کے علاوہ عید کے موقع کی مناسبت سے لوگوں کے دلوں میں ایک مثبت تاثر پیدا کرنے کے لئے افطار پیکٹ اور عید گفٹ پیکٹس بھی تقسیم کئے گئے۔

عید کے دنوں میں سفر کو محفوظ بنانے کے لئے سپیشل انتظامات کئے گئے تھے جس میں اضافی پٹرولنگ گاڑیوں کے ساتھ ساتھ سینئر افسران بذات خود مانیٹرنگ کے لئے موجود تھے۔آئی جی، این ایچ اینڈ ایم پی کی طرف سے تمام افسران کو ہدایت کی گئی کہ وہ روڈ پر کسی کی بھی گاڑی خراب ہونے یا کوئی دیگر مشکل پیش آنے کی صورت میں فوری مدد کو پہنچیں اور پریشانی میں پھنسے روڈ یوزرز کی زیادہ سے زیادہ مدد کر کے حقیقی طور پر عید کی خوشیوں میں شریک ہوں۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ پبلک ٹرانسپورٹ پر سفر کرنے والوں کا بھی خاص خیال رکھا جائے کیونکہ عام طور پر عید کے رش میں نوسربازوں کے گروہ عام مسافروں میں شامل ہوکر ان کے لئے نقصان کا باعث بنتے ہیں۔ پورے پاکستان میں ان عیدین کے موقع پر یہ تین روزہ اسپیشل پٹرولنگ کو عوام کی طرف سے خصوصی پذیرائی ملی۔

**ملک کے تمام ٹول پلازوں پر موٹر وے پولیس نے سفر کرنیوالوں میں افطار گفٹس، روڈ سیفٹی ہدایات پر مبنی عید مبارک کے پمفلٹس بھی تقسیم کئے۔**





پہنچائیں گے لیکن ایسا نہ ہوا۔ ہر کوئی اپنی اپنی شرائط پر چندہ دینا چاہتا تھا جنہیں انتظامیہ کمیٹی قبول نہ کرتی۔ سامان کا سب سے بڑا عطیہ چونتیس ٹن لوہا تھا جو صرف ایک فلاحی تنظیم کی طرف سے ملا تھا۔ یوں کئی طرح کے مسائل پیش آنے کی وجہ سے مینار کا تعمیراتی کام بار بار تعطل کا شکار ہوتا رہا۔

مینار کے ٹھیکیدار میاں عبدالخالق ایک سیاسی کارکن اور فعال مسلم لیگی تھے۔ وہ چونکہ ایک بھرپور سیاسی کارکن تھے اور انہوں نے صدر ایوب کے خلاف محترمہ فاطمہ جناح کی انتخابی مہم میں حصہ لیا تھا اس بناء پر ان کے تعمیراتی بل روک لئے جاتے یا تاخیری حربے اپنائے جاتے۔ اپنے بلوں کی وصولی کے لئے انہیں عدالت کا سہارا تک لینا پڑا تھا۔ ان ہتھکنڈوں نے بھی مینار کے کام کو متاثر کیا۔ مینار کی تعمیر جو 23 مارچ 1965ء تک مکمل ہونی تھی مسلسل تاخیر کا شکار ہوتی رہی۔ فنڈ کی کمی تعمیراتی کاموں کو متاثر کرتی رہی۔ مغربی پاکستان اسمبلی نے سینما کی ٹکٹوں اور گھڑ دوڑ پر سیس (Cess) لگانے کا مسودۂ قانون منظور کر لیا۔ قبل ازیں وسائل کی فراہمی کے لئے قائم کمیٹی چار سال میں صرف تین لاکھ روپے جمع کر سکی۔ فنڈ کی فراہمی کے لئے حکومت نے تفریحات پر ٹیکس لگانے کے علاوہ منصوبے میں بھی تبدیلی کی اور اس میں شامل لائبریری اور آڈیٹوریم کی تعمیر بھی ملتوی کر دی۔ گورنر مغربی پاکستان امیر محمد خان نے 27 اپریل 1964ء کو یہ خاص ٹیکس یا سیس لگانے کے مسودۂ قانون کی توثیق کر دی۔ 1965ء کی پاک بھارت جنگ کے موقع پر بھی تعمیراتی کام رکا رہا اور مینار پاکستان کے ڈیزائن میں بھی تبدیلیاں لائی جاتی رہیں۔

مینار پاکستان اسی جگہ بنایا گیا ہے جہاں 23 مارچ 1940ء کی قرارداد کے وقت اسٹیج بنایا گیا تھا۔ اس جگہ کی نشاندہی میاں امیر الدین نے کی تھی۔ 196 فٹ 6 انچ اونچا یہ مینار 31 اکتوبر 1968ء/ 8 شعبان 1388ھ کو مکمل ہوا۔ اس پر 75 لاکھ روپے صرف ہوئے۔ مینار کی تعمیر میں استعمال ہونیوالا بیشتر سامان پاکستانی ہے۔ سنگِ سرخ اور سنگِ مرمر ضلع ہزارہ اور سوات سے حاصل کیا گیا ہے۔ مینار 180 فٹ لوہے اور کنکریٹ سے بنا ہے۔ اس کی 5 گیلریاں اور 20 منزلیں ہیں پہلی گیلری تیس فٹ کی اونچائی پر ہے مینار پر جانے کیلئے 334 سیڑھیاں ہیں جبکہ یہاں لفٹ کی سہولت بھی موجود ہے۔ تعمیراتی سامان بھی اس انداز میں استعمال کیا گیا ہے کہ یہ بذات خود جدوجہد آزادی کی داستان بیان کرتا ہے۔ اس کے ابتدائی چبوترے کی تعمیر کھردرے پتھروں سے کی گئی ہے جو اس بات کی غمازی کرتے ہیں کہ پاکستان کس طرح بے سروسامانی کے عالم میں کٹھن مراحل طے کر کے حاصل کیا گیا تھا۔ اس سے اگلے چبوترے کی تعمیر پر قدرے ملائم پتھر استعمال کیا گیا جس سے مسلمانوں کی حالت میں بہتری کی عکاسی ہوتی ہے۔ یوں جوں جوں بلندی کی طرف



جائیں ملائمت میں اضافہ ملے گا جو اس امر کی نشاندہی ہے کہ پاکستان بتدریج ترقی کی طرف رواں دواں ہے جبکہ مینار کے آخری سرے پر چمکنے والا گنبد اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ پاکستان عالمِ اسلام میں خوب روشن مقام رکھتا ہے۔

مینار کے پہلے حصے میں سنگ مرمر کی سلوں پر ''خطِ نسخ'' میں اللہ تعالیٰ کے ننانوے اسماء مبارک، قرآن حکیم کی سورۃ آل عمران (رکوع 17, 14, 11) اس کے علاوہ یہاں سورۃ المائدہ (رکوع 10) سورۃ الرعد اور سورۃ بقرہ (رکوع 23) رقم ہیں۔ قرارداد لاہور کا مکمل متن (اردو، انگریزی، بنگالی زبانوں میں)، علامہ اقبال کے اشعار، قرارداد دہلی (9 اپریل 1946ء) اور ارشاداتِ قائداعظم کندہ ہیں۔ ایک سل پر علامہ اقبال کی نظم ''صبح'' اور تخیلِ پاکستان'' کے عنوان سے علامہ کے مشہور اشعار ''خودی کا سرِ نہاں لا الہ اللہ''۔ کندہ کئے گئے ہیں قائداعظم کی تقاریر سے اقتباسات چار سلوں پر کندہ ہیں۔ ایک سل پر قومی ترانہ لکھا ہے۔ ان چھوٹی بڑی تختیوں کی کل تعداد

> مینار کے قریب ہی 12 فٹ بلند ایک چبوترہ ہے جس پر آیت مبارک ''واللہ المشرق والمغرب'' کے الفاظ کندہ ہیں۔

چالیس ہے۔ مینار کے صدر دروازے پر ''مینار پاکستان'' اور ''اللہ اکبر'' کی تختیاں آویزاں ہیں۔

مینار کے قریب ہی 12 فٹ بلند ایک چبوترہ ہے جس پر آیت مبارک ''واللہ المشرق والمغرب'' کے الفاظ کندہ ہیں۔ مینار کی چھت گنبد نما ہے۔

گورنر مغربی پاکستان نے 19 فروری 1966ء کو منٹو پارک کا نام تبدیل کر کے ''اقبال پارک'' رکھ دیا تھا۔ مینارِ پاکستان کی تعمیر کے کام میں تاخیر کے سبب اس کی تعمیر کی لاگت بھی بڑھ گئی۔ نئے تخمینے کی رُو سے لاگت 2442926 لاکھ سے بڑھ کر 5928629 لاکھ روپے کر دی گئی۔ کمیٹی نے ایک لائبریری اور کیفے ٹیریا کی تعمیر کی منظوری بھی دی جن پر لاگت کا تخمینہ 174470 روپے تھا۔ یہاں تحریکِ پاکستان میوزیم بنانے کا بھی منصوبہ تھا مگر اگست 1967ء میں آڈیٹوریم اور اس میں میوزیم کے قیام کا منصوبہ ترک کر دیا گیا۔

خدا خدا کر کے مینار کی تعمیر مکمل ہوئی اور یہ اعلان کیا گیا کہ گورنر مغربی پاکستان محمد موسیٰ خان 21 اپریل 1968ء کو ''یوم اقبال'' کے موقع پر اس کا افتتاح کریں گے، مگر افتتاح سے چند روز قبل ہی اس تقریب کو مؤخر کر دیا گیا کیونکہ 19 اپریل کو روسی وزیراعظم الیکسی کوسِجن پاکستان کے دورے پر آنے والے تھے اور حکمران ان کے استقبال کی تیاریوں میں مصروف تھے۔ افتتاح کی نئی تاریخ 23 مارچ 1969ء مقرر ہوئی۔ مغربی پاکستان کی حکومت نے ڈویژنل اور ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقہ کی ان ممتاز شخصیات کی فہرست تیار کریں جن کا تعلق قرارداد پاکستان کے سلسلہ میں منعقدہ تاریخی اجلاسِ لاہور سے رہا ہو تاکہ مینار کی افتتاحی تقریب میں مدعو کیا جا سکے۔ عوام چاہتے تھے کہ مینار کا افتتاح ملک کے دونوں حصوں کے گورنرز یا صدرِ پاکستان کریں۔ اس لئے فیصلہ ہوا کہ مینار کا افتتاح صدر ایوب خان کریں گے۔ تاہم ملکی سیاسی حالات کی ابتری کی وجہ سے اس کی نوبت بھی نہ آ سکی اور مینار کو بغیر افتتاح 23 مارچ 1969ء کے روز عوام کے لئے کھول دیا گیا۔

## برصغیر کے مسلمانوں کی جدوجہد کا نشان، فنِ تعمیر کا نادر نمونہ

# مینار پاکستان کیسے تعمیر ہوا؟

جس جگہ یادگار بنائی گئی ہے 23 مارچ 1940ء کو عین اسی جگہ قائداعظم کی کرسی رکھی گئی تھی (تحقیق و تحریر: محمد نعیم مرتضیٰ)

قیامِ پاکستان کے بعد تحریکِ پاکستان کے مجاہدوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرنے اور 23 مارچ 1940ء کی تاریخ ساز قرارداد کو یاد رکھنے کیلئے کوئی ترکیب سوچی جانے لگی۔ چنانچہ منٹو پارک میں جس جگہ یہ جلسہ منعقد ہوا اسے تصورِ پاکستان کے خالق حضرت علامہ اقبالؒ کی نسبت ''اقبال پارک'' کا نام دیا گیا۔ اسکے علاوہ پارک کے قریب چوراہے کو ''آزادی چوک'' اور سڑک کو ''شاہراہ پاکستان'' کے ناموں سے پکارا جانے لگا۔ عوام کی جانب سے بھی منٹو پارک (اقبال پارک) میں قرارداد کی یاد کے طور پر کسی یادگار کی تعمیر کا مطالبہ شدت سے ہونے لگا۔ اس سلسلے میں باقاعدہ ایک قرارداد بھی بلدیہ لاہور کے ایڈمنسٹریٹر ملک عبداللطیف خان نے 23 مارچ 1959ء کو کارپوریشن کے اجلاس میں پیش کی جسے منظور کرلیا گیا۔

صدر ایوب خان کی حکومت میں یادگار کے لئے ڈیزائن پر غور شروع ہوا۔ جون 1959ء میں کارپوریشن کو تین ڈیزائن موصول ہوئے تاہم یادگار کمیٹی کو ان میں سے کوئی بھی ڈیزائن پسند نہ آیا اور ان کو ملا کر ایک نیا ڈیزائن تیار کرنے کا فیصلہ کیا۔ 19 جولائی 1959ء کو لاہور کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر ملک عبداللطیف خان نے اعلان کیا کہ مجوزہ یادگار کے پروگرام کو حتمی شکل دے دی گئی ہے اور اس پر اب جلد کام شروع ہو جائے گا۔ اس کے لئے جو ڈیزائن پسند کیا گیا اس میں ایک ہشت پہلو ہال اور اسکے ساتھ ایک مینار تھا۔ اس مینار کی اونچائی پہلے 64 فٹ تجویز کی گئی لیکن پھر اسے بڑھا کر 99 فٹ کر دیا گیا جو اسمائے ربانی کی نشاندہی ہے۔ مینار کے ہر ایک فٹ کے فاصلے پر مختلف رنگوں کے شیشے کی مربع پلیٹیں لگائی جانی تھیں۔ ان پر اللہ تعالیٰ کے اسماء مبارک کندہ تھے۔

تعمیر کے سلسلے میں ''پاکستان ڈے میموریل کمیٹی'' کے نام سے 20 ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی گئی۔ کمشنر لاہور ڈویژن اس کمیٹی کے چیئرمین تھے۔

19 مارچ 1960ء/ 25 رمضان المبارک 1379ھ کو یادگار کا سنگ بنیاد گورنر مغربی پاکستان اختر حسین نے رکھا۔ اس موقع پر ''یادگار'' کا ایک 3 فٹ اونچا لکڑی کا ماڈل بھی نمائش کیلئے رکھا گیا۔ اس ماڈل میں یادگار عمارت ایک ہلال نما سبزہ زار کے وسط میں ستارے کی شکل کے چبوترے پر ایستادہ تھی۔ یہ وسیع ہال تھا جہاں جلسے منعقد کرائے جاسکتے تھے۔ اسکے ساتھ ساتھ ایک لائبریری اور پھر اوپر ایک بلند مینار تھا جبکہ عمارت کے سامنے میدان میں مشرقی اور مغربی پاکستان کے نقشے تھے۔ یہ ایک خوبصورت ماڈل تھا لیکن اس پر لاگت زیادہ آتی تھی جسکی وجہ سے



اسے ترک کردیا گیا۔ بعد ازاں مرات خان سے ڈیزائن بنوایا گیا جس کے مطابق مینار کی تعمیر کی گئی۔ حکومت نے یادگار کی تعمیر کے لئے مالیانہ اور آبیانہ کے ساتھ ایک یا دو پیسے فی روپیہ ٹیکس اور سینما ٹکٹوں کے ساتھ ایک آنہ فی ٹکٹ ٹیکس لگانے کا فیصلہ کیا۔ ان اقدامات سے فنڈز کا خاطر خواہ انتظام نہ ہو سکا اس لئے فروری 1962ء میں کام کا سلسلہ غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دیا گیا۔ 2 نومبر 1962ء کو موجودہ سادہ ڈیزائن منظور کیا گیا جسے ''مینار پاکستان'' کا نام دیا گیا۔ مینار پاکستان کا نقشہ روس کے ترک نژاد مسلمان ماہر آرکیٹیکٹ نصرالدین مرات خان نے تیار کیا۔ مینار پر تاریخی عبارات، اشعار اور آیاتِ قرآنی کے انتخاب کی ذمہ داری میاں بشیر احمد (مدیر ''ہمایوں'') اور مولانا صلاح الدین احمد (مدیر ''ادبی دنیا'') کو سونپی گئی۔

جنوری 1963ء میں مینار کی تعمیر کے سلسلے میں پیش آنے والی مشکلات کے حل کے لئے ایک اجلاس مرات خان کے گھر منعقد ہوا جس میں یادگار کی تعمیر کے کام کو حتمی صورت دی گئی۔ اس موقع پر نصرالدین مرات خان نے مینار کی تعمیر کے لئے اپنی خدمات بلا معاوضہ پیش کیں۔ انہوں نے مینار کے ڈیزائن اور تعمیراتی امور کی نگرانی کی فیس جو تقریباً دو لاکھ باون ہزار بنتی تھی نہ لی اور اسے مینار کی تعمیر کیلئے بطور عطیہ دے دیا۔

مینار کی تعمیر کے لئے ٹینڈر 14 مئی 1963ء کو منظور ہوا اور تعمیراتی کام کے آغاز کی تاریخ یکم جون طے پائی۔ تعمیراتی کام کا ٹھیکہ تحریکِ پاکستان کے ایک سرگرم رکن میاں عبدالخالق کو دیا گیا۔ مناسب فنڈ اکٹھا نہ ہونے کی وجہ سے طے شدہ پروگرام کے تحت مینار کی تعمیر کا کام یکم جون 1963ء کو شروع نہ ہو سکا لہٰذا مینار کی تعمیر کے لئے مغربی پاکستان کے اداروں اور ملک بھر کے مخیّر حضرات سے ایک بار پھر چندے کی اپیل کی گئی۔

یہ خیال کیا جاتا تھا کہ بڑے بڑے صنعتکار اور مخیّر حضرات دل کھول کر عطیات دیں گے اور ٹرانسپورٹر حضرات یہ سامان مفت









# نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر وے پولیس نے

## پشاور سے کراچی اور گوادر تک

# یومِ آزادی

## قومی جوش و جذبے سے منایا

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر وے پولیس نے ملک بھر میں یوم آزادی انتہائی جوش و جذبے سے منایا۔ انسپکٹر جنرل، این ایچ اینڈ ایم پی ذوالفقار احمد چیمہ کی ہدایت پر یوم آزادی کے پر مسرّت موقع پر پورے پاکستان میں موٹر ویز اور ہائی ویز پر پشاور سے کراچی اور گوادر تک، این ایچ اینڈ ایم پی کے افسران نے ملی و قومی جوش و جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے روڈ یوزرز کے ساتھ اظہار یکجہتی میں فلیگ مارچ کیے۔ تمام زونل ڈی آئی جی اور ایس ایس پی صاحبان کے علاوہ پیٹرولنگ افسران نے قافلوں کی صورت میں قومی شاہراؤں پر تمام پٹرولنگ گاڑیوں پر قومی پرچم لہرا کر فلیگ مارچ کیا جس میں، این ایچ اینڈ ایم پی کے افسران نے یوم آزادی کے موقع پر اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی اور ہر لمحہ مدد کے جذبے سے سرشار ہو کر عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ روڈ یوزرز میں قومی پرچم، گفٹ پیکس، جھنڈیاں، بیجز، اسٹیکرز اور پھول بھی تقسیم کیے گئے۔ زونل اور سیکٹر ہیڈ کوارٹرز میں قومی پرچم لہرانے کی تقاریب کا انعقاد کیا گیا اور قومی پرچم کو سلامی دی گئی۔

ملک میں موجودہ حالات کے پیشِ نظر جہاں قوم فرقہ واریت اور مختلف لسانی گروہوں میں تقسیم ہے۔ این ایچ اینڈ ایم پی کے اِن اقدامات نے لوگوں کے اندر اتحاد و یگانگت کے جذبات کو جنم دے کر بحیثیت پاکستانی قوم یکجا کر دیا۔

# نیشنل ہائی ویز اور موٹروے پولیس ایک ایسا ادارہ ہے

# جس پر پوری پاکستانی قوم فخر کرتی ہے

انسپکٹر جنرل نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ذوالفقار احمد چیمہ نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد کراچی، لاہور خیرآباد، چکری، گوجرانوالہ، حیدرآباد اور سکھر میں افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ، این ایچ اینڈ ایم پی ایک ایسا ادارہ ہے جس پر پوری پاکستانی قوم فخر کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب کا فرض ہے کہ اس ادارے کی عزت اور ساکھ کی ہر قیمت پر حفاظت کریں اور کسی بھی صورت اس پر کوئی داغ نہ لگنے دیں۔ انہوں نے این ایچ اینڈ ایم پی افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایمانداری اُن کا حسن اور خوش اخلاقی اُن کی پہچان ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دونوں اوصاف، این ایچ اینڈ ایم پی کا سب سے قیمتی سرمایہ ہے۔ لہذا ہمیں ہر قیمت پر اس قیمتی سرمائے کی حفاظت کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام افسران بلا خوف وخطر اور بلاتفریق قانون کی سختی سے پابندی کروائیں۔ جو بھی شخص لین ڈسپلن کی خلاف ورزی کرے یا تیز رفتاری کا مرتکب ہو تو اس کے خلاف فوری کاروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی کو بغیر لائسنس ہائی ویز اور موٹرویز پر گاڑی چلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سفارش کلچر نے ہمارے اداروں کو کھوکھلا کر کے رکھ دیا ہے لہذا سفارش کلچر کا خاتمہ ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ، این ایچ اینڈ ایم پی کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لئے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ 130 ہیلپ لائن پر مدد کے لئے آنے والی فون کالز پر فوری اور بروقت عمل کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ، این ایچ اینڈ ایم پی میں کرپشن کی کوئی گنجائش نہیں جب کہ وہ ایماندار، قابل اور محنتی افسران کو عزت اور انعامات سے نوازیں گے۔ انسپکٹر جنرل، این ایچ اینڈ ایم پی نے افسران کو ہدایت کی کہ کہیں بھی کوئی گاڑی کسی خرابی کی وجہ سے رک جائے تو فوراً مدد کی جائے جب کہ مریضوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں کا خصوصی خیال رکھا جائے اور ان کو کسی بھی مشکل کی صورت میں ایک قدم آگے بڑھ کر مدد کی جائے۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ اپنے کردار اور شہریوں سے ہمدردانہ رویئے کے ساتھ اس ادارے کو پورے ایشیاء کا ماڈل ادارہ بنادیں۔ انہوں نے کہا کہ موٹروے پولیس میں نیچے سے لے کر اوپر تک جو بھی شخص بدعنوانی میں ملوث پایا گیا تو اس کو محکمے سے باہر نکال دیا جائے گا۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ N-5 پر لین ڈسپلن کا سخت فقدان ہے جب کہ بھاری اور آہستہ چلنے والی گاڑیوں کو خصوصی طور پر لین ڈسپلن کا پابند کیا جائے تا کہ حادثات میں کمی لائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ کم عمر اور بغیر لائسنس ڈرائیوروں کو موٹرویز اور ہائی ویز پر ڈرائیونگ کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ، این ایچ اینڈ ایم پی کا اولین فرض ہے کہ لوگوں کو حادثات سے پاک اور محفوظ سفر مہیا کیا جائے۔ جبکہ این ایچ اینڈ ایم پی پر قانون کے نفاذ کو یقینی بنانے کے لئے وہ خود بھی موٹرویز اور ہائی ویز پر آ کر نگرانی کریں گے۔ ان آپریشنل میٹنگز میں انسپکٹر جنرل، این ایچ اینڈ ایم پی ذوالفقار احمد چیمہ نے افسران کے مسائل اور تجاویز سنیں اور فوری احکامات بھی جاری کیے۔

**موٹروے پولیس کا ہر افسر بلاخوف وخطر اور رورعایت سختی سے قانون کی پابندی کروائے۔ موٹروے پولیس افسران مریضوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں کی ایک قدم آگے بڑھ کر مدد کریں۔**

## نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر وے پولیس کا

# پورے پاکستان میں اسپیشل پٹرولنگ کا آغاز





این ایچ اینڈ ایم پی کے پیشہ ورانہ معیار کو بہتر بنانے کے لئے اسپیشل پیٹرولنگ کو متعارف کروایا گیا ہے جس سے شاہراؤں پر نظم وضبط میں بہتری اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں کمی واقع ہوئی ہے۔ اسپیشل پیٹرولنگ میں انسپکٹر جنرل سے لے کر جونیئر پیٹرول افسروں تک تمام افسران بلاتخصیص شرکت کرتے ہیں۔

اسپیشل پٹرولنگ کے دوران انسپکٹر جنرل، این ایچ اینڈ ایم پی نے موٹروے سالٹ رینج کا خصوصی دورہ بھی کیا جہاں ان کی ہدایت پر اب دو مزید ایمرجنسی پوائنٹ بنائے جا رہے ہیں۔ موٹروے کے دورہ کے موقع پر انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ سالٹ رینج میں زیادہ سپیڈ چیکنگ کیمرے نصب کئے جائیں تا کہ حادثات کو روکا جا سکے۔ اس موقع پر انہوں نے سالٹ رینج میں پیٹرولنگ اسٹاف بڑھانے کی بھی ہدایت دی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ موٹروے پر سالٹ رینج میں فوری طور پر ہدایات والے بورڈ نصب کریں اور نئی لائٹس بھی لگوائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ موٹروے پر آنے والے ہر شخص کو ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ موٹروے پر قوانین پر اسی طرح عمل درآمد ہو گا جس طرح یورپ اور دبئی میں ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ نیشنل ہائی ویز پر لین ڈسپلن پر 80% عمل ہونے لگا ہے، انشاءاللہ اس پر سو فیصد عمل ہو گا۔

**انسپکٹر جنرل نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس خود بھی پیٹرولنگ میں حصہ لیتے ہیں۔**




کردیا جائے گا کیونکہ یہ موٹروے پر حادثات کا سبب بنتے ہیں۔ انسپکٹر جنرل نے کہا کہ بسوں، ٹرکوں اور بڑی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کو این ایچ اینڈ ایم پی ٹریننگ کالج شیخوپورہ میں ڈرائیونگ کے خصوصی کورسز کروائے جارہے ہیں جو پاکستان میں اپنی نوعیت کے پہلے کورسز ہوں گے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سالٹ رینج میں داخل ہونے سے قبل ڈرائیور، بس اور ٹرک کے بریک سسٹم کو چیک کیا جائے اور سالٹ رینج میں فوری طور پر لائٹس لگوائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ موٹرویز اور ہائی ویز پر چلنے والی ہر گاڑی کو اپنی لین میں رہنا ہو گا اور لین کی خلاف ورزی اور تیز رفتاری کرنے والی گاڑی بند کر دی جائے گی اور ڈرائیور کا لائسنس کینسل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سڑک پر آنیوالے ہر شخص کو قانون کی پابندی کرنا ہوگی ورنہ قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔ آئی جی نے کہا کہ موٹرویز اور نیشنل ہائی ویز پر قانون کی حکمرانی قائم کرنے سے ہر روز لاکھوں شہریوں میں قانون کا احترام پیدا ہوگا جس سے پورے معاشرے میں تبدیلی آئے گی اور یہ قوم قانون کا احترام کرنے والوں کی قوم میں تبدیل ہو گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ این ایچ اینڈ ایم پی کو ایک ایسے ماڈل کے طور پر قوم کے سامنے پیش کیا جائے گا کہ پوری قوم اس کے اخلاق اور پیشہ ورانہ معیار پر فخر کر سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ این ایچ اینڈ ایم پی میں کسی بری شہرت کے حامل افسر کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ موٹروے پر قوانین کی خلاف ورزی روکنے کے لئے لائسنس پنچنگ سسٹم (License Punching System) کا آغاز کیا جارہا ہے۔ ٹریفک قوانین کی مسلسل خلاف ورزی کرنے پر لائسنس کینسل کر دیا جائے گا۔ این ایچ اینڈ ایم پی کے زیر نگرانی چلنے والے ڈرائیونگ سکولز کا معیار بہتر بنایا جائے گا اور ڈرائیونگ کورس کا دورانیہ چار ہفتوں سے بڑھا کر چھ ہفتے کر دیا جائے گا۔ مزید براں صوبائی دارالحکومتوں میں مثالی ڈرائیونگ سکولز بنائے جائیں گے۔ میٹنگ میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ لین ڈسپلن، تیز رفتاری، سیٹ بیلٹ اور موبائل فون کے استعمال کے ضمن میں ہونے والی قانونی خلاف ورزیوں کو سختی سے روکا جائے گا اور ان خلاف ورزیوں کے مرتکب افراد کا چالان کیا جائے گا اور بھاری جرمانہ عائد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ PSV گاڑیوں میں اوورلوڈنگ کو بھی روکا جائے گا اور اوورلوڈنگ کرنے والی گاڑیوں کو بند کیا جائے گا۔ انسپکٹر جنرل، این ایچ اینڈ ایم پی ذوالفقار احمد چیمہ نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عنقریب چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں روڈ سیفٹی سیمینارز منعقد کئے جائیں گے جن میں روڈ سیفٹی کے متعلقہ امور پر روشنی ڈالی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سینئر افسران عید کے موقع پر شہداء کے اہل خانہ سے جا کر ملیں اور محکمے کی طرف سے شہداء کے بچوں کو تحائف پیش کئے جائیں اور شہداء کے اہل خانہ کا ہر طرح سے خیال رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی آئی جی اور ایس ایس پی صاحبان ہر ماہ بیٹ اور سیکٹر کا تفصیلی دورہ کریں۔ جبکہ ڈی آئی جی نارتھ زبیر ہاشمی کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جو افسران کی ترقی اور سالانہ ریوارڈز کے حقداروں کا جائزہ لے کر اپنی سفارشات انسپکٹر جنرل کو پیش کرے گی۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ این ایچ اینڈ ایم پی کو ایک رول ماڈل ادارہ بنایا جائے گا۔ اس موقع پر شہید ڈی آئی جی فیاض سنبل، ایس ایس پی ہلال خان اور شہداءِ کوئٹہ کے لئے دعا بھی کی گئی۔

**ٹریفک قوانین کی مسلسل خلاف ورزی کرنے والوں کے لائسنس منسوخ کردیے جائیں گے۔**



# انسپکٹر جنرل نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کا آپریشنل افسران سے پہلا ویڈیو لنک خطاب




پورے ملک میں موٹرویز اور ہائی ویز پر روڈ سیفٹی اور ٹریفک کے انتظامات کی بروقت نگرانی کیلئے سینئر اور آپریشنل افسران کا آپس میں فوری اور مسلسل رابطہ بہت ضروری ہے۔ مواصلات کے اس جدید دور میں بھی این ایچ اینڈ ایم پی میں اس رابطے کا کچھ فقدان تھا۔ انسپکٹر جنرل ذوالفقار احمد چیمہ کی خصوصی ہدایت پر محکمہ کو دورِ جدید کے تقاضوں پر استوار کرتے ہوئے این ایچ اینڈ ایم پی کے ہیڈ کواٹرز کو پہلی مرتبہ اس کے ذیلی دفاتر سے بذریعہ ویڈیو لنک منسلک کر دیا گیا ہے۔ اس اہم پیشرفت سے افسران کم وقت میں اور دوسرے شہروں کا سفر کیے بغیر تمام انتظامی اور آپریشنل معاملات کا اَحسن طریقے سے جائزہ لے سکتے ہیں ۔ اس سے وقت کی بچت کے ساتھ سفر پر ہونے والے اخراجات میں بھی خاطر خواہ کمی ہوگی۔

انسپکٹر جنرل ذوالفقار احمد چیمہ نے اسلام آباد سے این ایچ اینڈ ایم پی کے آپریشنل افسران سے بذریعہ ویڈیو لنک اپنے پہلے خطاب میں کہا کہ این ایچ اینڈ ایم پی کو ایک ایسے ادارے میں تبدیل کیا جائے گا جو کہ نہ صرف ٹریفک ریگولیشنز بلکہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے بھی رول ماڈل ادارہ سمجھا جائے ۔ جو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے ایشیا میں بھی ایک قابل تقلید ادارہ ہو۔ انہوں نے تمام افسران پر زور دیا کہ بھاری اور سلو موونگ گاڑیوں کو لین ڈسپلن کا سختی سے پابند بنایا جائے تا کہ لین ڈسپلن پر قابو پا کر حادثات کی شرح میں کمی لائی جا سکے۔ انہوں نے سیٹ بیلٹ کے استعمال اور تیز رفتاری پر قابو پانے کی بھی ہدایت کی۔ انسپکٹر جنرل نے کم عمر ڈرائیوروں کا بھی سختی سے نوٹس لیا اور آپریشنل افسران کو ہدایت کی کہ کسی بھی کم عمر ڈرائیور کو موٹرویز اور ہائی ویز پر ڈرائیونگ کی ہرگز اجازت نہ دی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ فوری طور پر عوام کی رہنمائی کے لئے سائن بورڈز لگوائے جائیں۔ انہوں نے 130 ہیلپ لائن کی کارکردگی کو بہتر بنانے کی بھی ہدایت کی تا کہ روڈ یوزرز کو کسی مشکل کی صورت میں فوری امداد فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ 10 سال سے

**جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے محکمے کو دنیا کی ترقی یافتہ پولیس فورسز کے ہم پلہ بنا دیں گے۔**

پرانی بسوں (PSV) گاڑیوں اور ٹرکوں کا موٹروے پر داخلہ فوری بند کر دیا جائے جب کہ لیدر بریک والی (PSV) پبلک سروس گاڑیوں کا بھی موٹروے پر داخلہ بند کر دیا جائے، بسوں اور ٹرکوں کے مالکان کو ہدایت کی کہ لیدر بریک کی بجائے ہائیڈرالک بریک سسٹم لگوائیں بصورت دیگر موٹروے پر داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی طور پر بنے ہوئے ٹرکوں اور بسوں کا بھی موٹروے پر داخلہ بند

# نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹرویز پر قانون کا نفاذ بلا امتیاز ہو رہا ہے

تحریر: وصال فخر سلطان ڈپٹی انسپکٹر جنرل (موٹروے زون)



وطن عزیز کو اس کی تخلیق کے ساتھ ہی جن گوناگوں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ان میں ذرائع رسل ورسائل کی کمی سرفہرست تھی۔ سڑکوں کی زبوں حالی پاکستان کی ترقی میں نمایاں رکاوٹ تھی لہذا سڑکوں کا جال بچھانا وقت کی اہم ضرورت قرار پایا، مگر باوجود کوشش کے مطلوبہ سڑکیں نہ بن سکیں بہر حال 1997 میں ایک ایسی سڑک تعمیر ہوئی جو کہ پاکستانی معیشت کے لیے سنگ میل ثابت ہوئی۔ جی ہاں موٹروے کے سلسلہ کی پہلی کڑی اسلام آباد سے لاہور سیکشن M-2 کے نام سے پایہ تکمیل کو پہنچی اور اس پر ٹریفک رواں دواں رکھنا، این ایچ اینڈ ایم پی کی ذمہ داری بنی اور اس طرح موٹروے پولیس وجود میں آئی۔

تمام تر مشکلات کے باوجود ایک ایسی فورس کا قیام جو کہ دور جدید کے تمام تقاضوں سے ہم آہنگ ہو، ایک چیلنج سے کم نہ تھا۔ وسائل کی کمی اور مطلوبہ افرادی قوت کا میسر نہ ہونا ایک بڑا مرحلہ تھا جبکہ وقت کی کمی سب سے بڑا مسئلہ تھا، لہذا، این ایچ اینڈ ایم پی کے بانیان نے پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت دیتے ہوئے تمام افسران کو ڈیپوٹیشن پر لیا۔ ان تمام افسران کو موٹروے سے متعلق ضروری تربیت دے کر نہایت مختصر عرصہ میں موٹروے پر تعینات کر دیا گیا۔ ابتدا ہی سے موٹروے پر افسران کو پابند کیا گیا کہ وہ ذاتی محاسبہ کی عادت اپنائیں۔ دوران تربیت افسران کو یہ بات ذہن نشین کرائی گئی کہ موٹروے پر سفر کرنے والا ہر آدمی قابل عزت ہے اور کسی بھی مسافر سے سختی سے پیش نہیں آنا بلکہ حتی الوسع ہر مسافر کی بھرپور مدد کرنی ہے۔ اپنی ذات سے بالاتر ہو کر قوانین کا اطلاق اور مصیبت زدہ مسافروں کی بروقت مدد این ایچ اینڈ ایم پی کا فرض اولین ٹھہرا۔

اس مشن کی تکمیل کے لئے ابتدا سے تا حال موٹروے پولیس جس کا نام ہائی ویز پر تعیناتی کے بعد نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس (این ایچ اینڈ ایم پی) رکھ دیا گیا، کے افسران اپنی شبانہ روز کاوشوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تمام مسافروں کو بہترین خدمات پیش کر رہے ہیں، جس کا اعتراف نہ صرف ملکی بلکہ غیر ملکی شخصیات اور اداروں نے بھی کیا۔ موٹروے پر قوانین کا یکساں اطلاق اس بات کا غماز ہے کہ این ایچ اینڈ ایم پی اپنے فرائض پوری تندہی، ایمانداری اور پیشہ ورانہ مہارت سے ادا کر رہی ہے۔

چونکہ موٹروے پر گاڑیوں کی رفتار عام شاہراؤں کی نسبت تیز ہوتی ہے اس لئے چھوٹی سی غلطی بھی بڑے حادثے کو جنم دے سکتی ہے لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام روڈ یوزرز کو ٹریفک قوانین کی پاسداری کا پابند بنایا جائے۔

ٹریفک قوانین کے مساویانہ اطلاق کے لئے سفارش کلچر کو ختم کر کے فیلڈ افسران کو زیادہ با اختیار بنایا گیا۔ چونکہ پٹرولنگ سٹاف چیک اینڈ بیلنس کے اصول پر سختی سے کار بند ہے۔ پھر جدید مشینوں جیسے سپیڈ چیکنگ سسٹم کے ذریعہ اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ غلط چالان جاری نہ ہو سکے نیز روڈ یوزرز کو اختیار دیا گیا کہ این ایچ اینڈ ایم پی کے افسران سے اختلاف کی صورت میں عدلیہ سے رجوع کر سکتے ہیں دوسری طرف این ایچ اینڈ ایم پی کے افسران تمام قسم کی گاڑیوں کا چالان بلا تفریق کرنے کی پالیسی پر گامزن رہے۔ ٹریفک کا بہتر انتظام، قوانین کا بے لاگ اور بلا امتیاز نفاذ اور عوام سے خوش اخلاقی سے پیش آنا موٹروے پولیس کا طرۂ امتیاز بنا اور اس طرح ایک طویل سفر کے بعد این ایچ اینڈ ایم پی Icon of Excellence اور کرپشن سے پاک محکمہ بن کر ابھری۔

ایک اہم معاشرتی پہلو یہ ہے کہ سڑک کا استعمال زیادہ تر بااختیار لوگ کرتے ہیں جب کہ متوسط اور غریب طبقہ پبلک سروس گاڑیوں کے رحم و کرم پر ہوتا ہے۔ لہذا ضروری ہے کہ ایسا ضابطہ اخلاق موجود ہو جو تمام لوگوں کے حقوق کا یکساں محافظ ہو۔ اسی خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے این ایچ اینڈ ایم پی نے آگاہی مہم شروع کی جس میں این ایچ اینڈ ایم پی کے بریفنگ آفیسرز اور پٹرولنگ اسٹاف ہر قسم کی ٹریفک کو سڑک پر چلنے کے طریقے سکھاتے ہیں۔ این ایچ اینڈ ایم پی ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں قانون کی عملداری یقینی بناتی ہے اور تمام اشخاص چاہے وہ بااختیار ہوں یا متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہوں این ایچ اینڈ ایم پی کی نظر میں سب برابر ہیں جس کی زندہ مثال حال ہی میں چالان کیے گئے وفاقی وزراء، آرمی افسران، سیکرٹری اور عدلیہ سے تعلق رکھنے والے سینئر افسران شامل ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان ان ممالک میں سرفہرست ہے جہاں لوگ حادثات کی وجہ سے زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں لہذا ٹریفک قوانین کا سختی سے اطلاق موجودہ وقت کی اہم ضرورت ہے اور این ایچ اینڈ ایم پی اس ضرورت کو نہایت ایمانداری سے پورا کر رہی ہے۔



# جی ٹی روڈ (N-5) پر قانون کی حکمرانی

## بڑی، بھاری اور آہستہ چلنے والی گاڑیاں بائیں لین میں چلنا شروع ہوگئیں

## شہریوں کے لیے خوشگوار حیرت

**محمد زبیر ہاشمی** ڈی آئی جی این فائیو نارتھ زون

کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ اگر کسی قوم کا مہذب پن دیکھنا ہو تو اس ملک کی سڑکوں پر چلتی ہوئی ٹریفک کو دیکھ لیں۔ آج سے تقریباً سولہ سال قبل جب این ایچ اینڈ ایم پی کا قیام عمل میں لایا گیا تو پاکستان کی سڑکوں پر ٹریفک کی حالت کچھ زیادہ قابل ستائش نہ تھی۔ لین ڈسپلن کا کوئی تصور نہ تھا۔ چھوٹی گاڑیوں اور کاروں کو بڑی گاڑیوں سے راستہ لینے کے لئے انتہائی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔

2001 میں این ایچ اینڈ ایم پی نے جی ٹی روڈ پر پشاور سے کراچی تک کا کنٹرول سنبھالا تو بڑی گاڑیوں خصوصاً ٹرک اور ٹریلر والوں کو لین ڈسپلن کے تصور سے روشناس کروایا۔ این ایچ اینڈ ایم پی افسران کی انتھک محنت اور جذبہ خدمتِ خلق کی وجہ سے یہ فورس نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا میں ایک ایماندار، دیانتدار اور عوام دوست کے طور پر مشہور ہوگئی جس کا ثبوت مختلف سروے رپورٹس ہیں جو وقتاً فوقتاً جاری ہوتی رہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ، این ایچ اینڈ ایم پی کے افسران کی ترجیحات تبدیل ہوگئیں اور وہ اپنے بڑے مقصد، جو کہ روڈ پر ٹریفک کا آزادانہ بہاؤ تھا، سے دور ہوتے گئے۔ این ایچ اینڈ ایم پی کی موجودگی میں بھی ایک ایسا دور آیا کہ سڑک پر چلنے والی گاڑیوں خصوصاً HTVs اور PSVs لین ڈسپلن بھول گئیں۔ جب کوئی ٹرک یا ٹریلر اوورٹیک کرنے کے لئے ہائی سپیڈ لین میں جاتا تو پھر یہ بھول جاتا کہ اسے اپنی بائیں طرف والی لین میں واپس بھی آنا ہے۔

لین ڈسپلن پر عمل نہ کرنا صرف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی ہی نہیں بلکہ اس کے کچھ مضر اثرات بھی ہیں جیسا کہ:

- جب کاروں اور دوسری تیز چلنے والی گاڑیوں کو راستہ نہیں ملتا تو وہ مجبوراً بائیں طرف سے اوورٹیک کرنے کی کوشش میں حادثہ کا شکار ہوجاتی ہیں جس سے قیمتی جانوں کا ضیاع ہوتا ہے۔
- ایمبولینس اور ایمرجنسی گاڑیاں راستہ نہ ملنے کی وجہ سے مریضوں کو بروقت ہسپتال منتقل نہیں کرسکتیں جس سے مریض بروقت طبی امداد نہ ملنے کی وجہ سے انتقال کر جاتے ہیں۔
- جب لوگوں کو کہیں پہنچنے کی جلدی ہو اور ٹریفک پرابلم کی وجہ سے انہیں دیر ہورہی ہو تو ان کی ذہنی ونفسیاتی حالت پر اس کے گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ وہ چڑچڑے پن کا شکار ہوجاتے ہیں اور معمولی باتوں پر ہاتھا پائی پر اتر آتے ہیں۔

این ایچ اینڈ ایم پی کی موجودگی میں یہ سب کچھ وقوع پذیر ہونا باعثِ تشویش تھا۔ ایک ایسے وقت میں جب، این ایچ اینڈ ایم پی کی شہرت اور نیک نامی کا تصور دھندلا سا گیا تھا تو اس کی قیادت جناب انسپکٹر جنرل پولیس ذوالفقار احمد چیمہ نے سنبھالی۔ آتے ہی انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ نہ صرف، این ایچ اینڈ ایم پی کو اس کا کھویا ہوا مقام واپس دلائیں گے بلکہ اس کی شہرت اور نیک نامی کو آسمان کی بلندیوں تک پہنچائیں گے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے انہوں نے ملک کے طول وعرض کا دورہ کیا اور افسران کو اس بات پر مائل کیا کہ وہ سب مل کر پوری ایمانداری سے عوام کی خدمت کریں گے۔

ہائی ویز پر جب لین ڈسپلن کے حوالے سے سروے کیا گیا تو یہ بات عیاں ہوئی کہ لین ڈسپلن کی سب سے زیادہ خلاف ورزی ٹرک، ٹریلر اور دوسری بڑی گاڑیاں کرتی ہیں، لہٰذا اس میں بہتری لانے کے لئے مرحلہ وار طریقہ کار وضع کیا گیا۔ پہلا مرحلہ بریفنگ کا تھا جس میں تمام بڑی گاڑیوں خصوصاً ٹرک اور ٹریلر والوں کو بریف کیا گیا کہ وہ سیکنڈ لین کا استعمال نہ کریں ورنہ ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ اس مقصد کے لئے ٹال پلازوں کے ہر بوتھ پر بریفنگ آفیسر لگائے گئے۔ پیغام والے بینرز آویزاں کیے گئے اور پمفلٹس تقسیم کیے گئے۔ اس کے علاوہ ضروری سائن بورڈ زلگوائے گئے اور NHA سے رابطہ کرکے سڑک کی ضروری مرمت کروائی گئی۔ مزید برآں بریفنگ کے لئے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کا سہارا بھی لیا گیا۔

دوسرا مرحلہ لین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا تھا جس کا آغاز یکم جولائی 2013 سے کیا گیا جس میں، این ایچ اینڈ ایم پی کے ہر افسر نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ لین ڈسپلن کی خلاف ورزی کرنے والوں کو متواتر کئی دنوں تک بند رکھا گیا اور بار بار خلاف ورزی کرنے والوں کے لائسنس منسوخ کروائے گئے اور ان کی گاڑیوں کی دوبارہ ہائی ویز پر سفر کرنے پر پابندی بھی عائد کردی گئی۔ اس عرق ریزی کا نتیجہ یہ نکلا کہ محض ایک سے دو ماہ میں ہائی ویز پر گاڑیوں کی لین کی خلاف ورزی میں 70 سے 80 فیصد کمی واقع ہوئی ہے اور قومی شاہراؤں پر اب زیادہ تر ٹرک، ٹریلر، HTVs، PSVs اپنی بائیں لین میں چلتے ہوئے نظر آتے ہیں جس سے کاریں اور دوسری تیز چلنے والی گاڑیاں بغیر کسی رکاوٹ کے سفر کرسکتی ہیں۔ مسافروں والی گاڑیوں کو ان کے اڈوں پر سپیشل بریفنگ دینے کے لئے Bus Bays پر بریفنگ پوائنٹس بنائے گئے ہیں جن کی وجہ سے اب ان گاڑیوں کی طرف سے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں کافی حد تک کمی ہوئی ہے۔ اب یہ گاڑیاں اپنی لین میں مقرر کردہ حدِ رفتار کے اندر بغیر اوورلوڈنگ کئے ہوئے سفر کرتی ہیں جس سے حادثات پر بہت حد تک قابو پالیا گیا ہے۔

جناب انسپکٹر جنرل صاحب کی ہدایت پر اب بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں اور آہستہ چلنے والی گاڑیوں کے خلاف خصوصی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے۔ انشاء اللہ، این ایچ اینڈ ایم پی کے افسران اس مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے۔

# عنوانات


| | |
|---|---|
| جی ٹی روڈ (N-5) پر قانون کی حکمرانی | 5 |
| نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹرویز پر قانون کا نفاذ | 6 |
| نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کے دفاتر ویڈیو لنک سے منسلک | 7 |
| نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کا پورے پاکستان میں اسپیشل پیٹرولنگ کا آغاز | 9 |
| نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ایک ادارہ | 10 |
| نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس نے پشاور سے کراچی اور گوادر تک یوم آزادی منایا | 11 |
| مینار پاکستان کیسے تعمیر ہوا | 12 |
| عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر خصوصی پیٹرولنگ | 14 |
| تمہیں وطن کی ہوائیں سلام کہتی ہیں | 15 |
| اقبال کی نظر میں عورت کا مقام | 17 |
| موٹروے پولیس کی کارکردگی | 19 |
| دہشتگردی سے زیادہ ہلاکتیں حادثات میں ہوتی ہیں | 20 |
| برادر اسلامی ملک ترکی | 22 |
| پریس کارنر | 24 |

نیشنل **روڈ سیفٹی** جرنل

# اداریہ

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس نے اپنے قیام سے لیکراب تک سولہ سال کا طویل سفر طے کیا ہے۔ یہ عرصہ اپنے دامن میں بہت سی تلخ وشیریں یادیں سمیٹے ہوئے ہے۔ کامیابیوں کی ایک طویل فہرست کے ساتھ ساتھ کچھ عرصہ قبل اس ادارے کے بارے میں رائے عامہ کے اندر منفی تاثر کا ابھرنا بھی ایک تلخ حقیقت تھی۔ مگر جلد ہی موٹروے پولیس کا چھنتا وقار اور اعتبار پھر سے بحال ہوگیا۔ اس ادارے کو نئے سرے سے نیک نامی، ایمانداری، خوش اخلاقی، مدد کی بروقت فراہمی، انصاف، میرٹ اور سب کے ساتھ یکساں برتاؤ کرنے سے ملی۔ موجودہ قیادت نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اس ادارے کے وقار اور میعار کو بحال کرنے کا بیڑا اٹھایا۔ اس فورس کے بنیادی اوصاف ایمانداری، انصاف، میرٹ اور مشکل میں مدد فراہم کرنے کے جذبہ کو دوبارہ فورس کے اندر زندہ کیا اور اب چھ ماہ کے قلیل عرصہ میں ہی ان اوصاف کی جھلک اس ادارے میں دیکھی جانے لگی ہے۔ ادارے کی تعمیر نو کے آغاز کا پروگرام عوامی مسائل کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مرتب کیا گیا۔ اس پروگرام کے تحت نیشنل ہائی ویز اور موٹرویز کی انجینئرنگ کی خامیوں اور روڈ فرنیچر کی کمی کو دور کرنے کیلئے اور اس کے ساتھ ساتھ روڈ یوزرز کی رہنمائی کیلئے آگاہی مہم کا بھی زور و شور سے آغاز کردیا گیا ہے۔ مزید برآں بلا تخصیص اور بلا تفریق ٹریفک قوانین کے مساوی اور بے لاگ نفاذ سے قانون کی حکمرانی قائم ہوئی ہے۔ ان اقدامات کو نا صرف روڈ یوزرز نے سراہا ہے بلکہ عوامی سطح پر بھی انھیں پذیرائی ملی ہے۔ روڈ یوزرز کو موٹروے پولیس دوبارہ پوری تندہی سے روڈ پر اپنے فرائض سرانجام دیتی نظر آنے لگی ہے، جس کی وجہ سے چھ ماہ کے مختصر عرصہ میں ٹریفک حادثات میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔

ٹریفک مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ فورس کی فلاح و بہبود کے کاموں پر بھی توجہ دی گئی ہے اور زونل ہیڈ کوارٹرز سے لیکر بیٹ لیول تک تمام ملازمین کی رہائشی بیرکوں، باتھ رومز اور میسز کا معیار بہتر بنایا گیا ہے۔ ٹریننگ کالج شیخوپورہ کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے اس پر خصوصی توجہ دی گئی ہے اور اب وہاں مختلف تعمیراتی اور تعلیمی پراجیکٹس پر کام جاری ہے۔ نااہل اور کرپٹ ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی کا آغاز ہو چکا ہے، جبکہ محنتی، ایماندار اور قابل ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔

مجھے یہ کہنے میں کوئی تامل نہیں کہ نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ایک انتہائی معیاری ادارہ ہے اور عصرِ حاضر میں یہ ادارہ نہ صرف اندرون ملک عوام کی خدمت کر رہا ہے، بلکہ پوری دنیا میں پاکستان کی پہچان بھی بن چکا ہے، جس کا ثبوت
مختلف انٹرنیشنل آرگنائزیشنز کی جانب سے اس ادارے کو کرپشن فری قرار دینا ہے۔ بلاشبہ پوری پاکستانی قوم کو اپنے اس ادارے پر فخر ہے۔

آخر میں نہ صرف اپنی اس پولیس فورس بلکہ تمام سرکاری ملازمین کو قائداعظم محمد علی جناح کا یہ پیغام دینا چاہتا ہوں جو ہماری سرکاری ملازمت میں ہمارے لیئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ آپ نے 14 فروری 1948 کو سرکاری ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا "دیانت داری اور خلوص دل سے کام کیجئے، پاکستان کے ساتھ سچے اور وفادار رہیے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس دنیا میں آپ کے اپنے ضمیر سے بڑھ کر کچھ نہیں اور جب آپ اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہونگے تو آپ کہہ سکیں کہ آپ نے اپنے فرائض انتہائی ایمانداری، دیانت داری، وفاداری، اور فرض شناسی کے ساتھ سرانجام دیئے"۔

میری دعا ہے کہ نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کے ساتھ ساتھ ملک کا ہر ادارہ قائد کے بتائے ہوئے ان رہنما اصولوں پر گامزن رہتے ہوئے ملک و قوم کا نام روشن کرتا رہے۔ آمین

**ایڈیٹر**



## حمد

اے خدائے بحر و بر ہم کو تُو سیدھی راہ دکھا
کھو گئے ہیں دنیا میں ہم اور بے پناہ ہیں اپنے گناہ
بن فضل کے تیرے تو ہم ناچیز ہیں، حقیر ہیں
ہم پہ رکھ سایہ ، رحمت اور ہماری تُو بگڑی بنا
چار سو ہے نور تیرا، ہے ہر طرف تیرا ظہور
لالۂ ،گُل کی رعنائی ہو یا چمکتی ہوئی کہکشاں
تیری عظمت کا بیاں نہ کر سکے کوئی بشر
تجھ کو خبر ہے یا خدا یا کیا ہے تیری ابتداء
قوم مسلم سو چکی ہے دشمنوں کے درمیاں
کر کرم اِس پہ خدایا اور خواب غفلت سے جگا
دیدہ نم ہو، دل نرم ہو، روح ہو میری باحیاءَ
فضل سے اپنے عطا کر عبد کو تُو صدق و صفا

عبدالرزاق IP/SPO ،ہیکٹر این فائیو نارتھ تھری گوجرانوالہ



## نعت

تیری یاد نے آقا ﷺ ستایا بہت ہے
مدینے سے دُوری نے تڑپایا بہت ہے
نہ تڑپ مدینے سے آئے گا بلاوا
دل مضطر کو میں نے سمجھایا بہت ہے
بناہوں میں شاید ان ﷺ کے لیے ہی
ورنہ خود کو میں نے آزمایا بہت ہے
اُن ﷺ کی محبت میں رتبہ میں پاؤں
اس لئے خود کو جھکایا بہت ہے
رہے تیرا ﷺ نام میرا ورد زباں ہی
تیرے نام ﷺ نے غم زدوں کو ہنسایا بہت ہے
ہے آمد آج ان کی عرش بریں پر
خدا نے تو آج عرش سجایا بہت ہے
بلا لو مدینے آقا ﷺ بنا لو مجھے اپنا
عرض کو میں نے اپنی سنایا بہت ہے
ڈوبتی کشتی میری جس نے بچالی
صدقے میں جاؤں جن کی کملی ہے کالی
عبد کو وہ یاد آج آیا بہت ہے

والیم۔1

# نیشنل روڈ سیفٹی جرنل






## ہماری ترجیحات
## ایمانداری، خوش اخلاقی
## اور بروقت مدد






نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس